- روایتی سرنجوں کے کسی بھی باقی ماندہ اسٹاک کا انونٹری ریکارڈ رکھا جائے اور 31 دسمبر 2026 تک موجودہ اسٹاک کو مکمل طور پر ختم کرنے کا پلان بنایا جائے۔
- آٹو ڈس ایبل سرنجوں کی طرف بروقت منتقلی کے لیے پروکیورمنٹ کی منصوبہ بندی کی جائے۔ DRAP کے نوٹیفکیشن نمبر F,6-7/2026-MD(M-135)، مورخہ 1 جولائی 2026 کے مطابق، روایتی 1cc (نان انسولین) اور 10cc ڈسپوزیبل سرنجوں کا استعمال 31 دسمبر 2026 کے بعد جائز نہیں ہوگا (عوامی اور نجی سیکٹری اور ٹرشری ہیلتھ کیئر ہسپتالوں/اداروں میں کیے جانے والے محدود مخصوص طریقہ کار کے علاوہ)۔
- اس ہدایت نامے پر خط اور روح کے مطابق عمل کیا جائے۔

اس کے علاوہ، تمام ایچ سی ایز (HCEs) کو چاہیے کہ وہ ایس ایچ سی سی (SHCC) کے ویسٹ مینجمنٹ گائیڈ لائنز کے مطابق استعمال شدہ شارپس (سوئیوں وغیرہ) کو منبع پر ہی مناسب الگ کرنے، محفوظ نقل و حمل، اسٹوریج اور استعمال شدہ سرنجوں/سوئیوں، ڈرپ سیٹوں اور دیگر شارپس کی حتمی کو یقینی بنائیں۔

سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کی ٹیمیں وقتاً فوقتاً ہونے والے معائنے، مانیٹرنگ اور ریگولیٹری دوروں کے دوران ان رہنما اصولوں پر عمل درآمد کی نگرانی کرتی ہیں۔

سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن
بلاک سی، دوسری منزل، ایف ٹی سی بلڈنگ، شاہراہ فیصل، کراچی
یو اے این: 021-111-117-422 نیلی فون: 021-38656000
ای میل: info@shcc.org.pk ویب سائٹ: www.shcc.org.pk

iWORK FOR SINDH www.iwork4sindh.com — JOB PORTAL BY INFORMATION DEPARTMENT

INF-KRY/5068/2026

تصحیح

بل آف کوانٹیٹیز (BOQ) میں ترمیم اور نظر ثانی
ٹینڈر نمبر BOR/TEN/02/26-27
آئی ٹی اور الیکٹرونک ایکوپمنٹ کی فراہمی، سپلائی اور تنصیب

بحوالہ SPPRA ای پیڈ پر بر طابق نمبر S-26100836020 اور روزنامہ اخبارات جنگ اور کاوش (مورخہ 17 اکتوبر 2026) اور روزنامہ ڈان (18 اکتوبر 2026) میں INF/KRY 4595/26 کے تحت شائع شدہ ٹینڈر نوٹس۔ تمام امکانی پیشکش دہندگان کو بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ محکمہ نے مذکورہ بالا نوٹس کے لئے پیشکش جمع کرانے کی آخری تاریخ اور ٹینڈر کھلنے کی تاریخ میں درج ذیل کے مطابق توسیع کر دی ہے۔

تفصیلات	اصل تاریخ	نظر ثانی شدہ تاریخ
جمع کرانے کی آخری تاریخ	09/نومبر 2026 (صبح 11:00 بجے)	19/نومبر 2026 (صبح 11:00 بجے)
ٹینڈر جمع کرانے کی تاریخ	09/نومبر 2026 (صبح 11:30 بجے)	19/نومبر 2026 (صبح 11:30 بجے)

نوٹ:

1۔ نظر ثانی شدہ/تصحیحی بذنگ دستاویزات کی ای پیڈز پورٹل https://portalsindh.eprocure.gov.pk/ پر اپ لوڈ شدہ فائل لازماً جمع کرانے کے لئے استعمال کی جائے۔

2۔ پیشکش دہندگان لازماً اس تصحیح کی ایک کاپی پر دستخط کریں اور اپنے ٹینڈر جمع کرانے کے ساتھ اپ لوڈ کریں۔ اصل ٹینڈر کی تمام دیگر شرائط اور ضوابط حسب سابق برقرار رہیں گی۔ دیگر تمام شرائط اور ضوابط وہی رہیں گی۔

انسپکٹر جنرل آف رجسٹریشن
بورڈ آف ریونیو سندھ کیمپ آفس، کراچی
رابطہ نمبر (+92-21)99204640
ای میل wbaloch@yahoo.com
ویب سائٹ SPPRA EPADS
https://portalsindh.eprocure.gov.pk/

INF/KRY 5025/26
iWORK FOR SINDH
JOB PORTAL BY INFORMATION DEPARTMENT



NUML
National University of Modern Languages

- QS Subject Ranking Modern Languages
  - World Ranking#251-300
- QS Asian University Rankings 2026
  - SouthernAsia # 112
  - Pakistan# 26

AI-Powered Language Labs for the Next Generation of Global Communicators

ADMISSIONS – SPRING 2027

Start of Session – 8th February 2027

For admission please visit: numl.edu.pk/admission

Admission / Application Deadline: 7th December 2026

FACULTY OF ARTS AND HUMANITIES

ISLAMABAD CAMPUS
Graduate Programs
- PhD English (Linguistics) – Afternoon
- MPhil English (Literature) – Afternoon
- MPhil English (Linguistics) – Afternoon

Undergraduate Programs
- BS English - Morning & Afternoon
- Associate Degree in English - Morning & Afternoon

HYDERABAD CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS English – Morning & Afternoon
- BS English (Bridging) – Morning & Afternoon

RAWALPINDI CAMPUS
Graduate Programs
- MPhil English (Literature) – Afternoon
- MPhil English (Linguistics) – Afternoon

Undergraduate Programs
- BS English – Morning & Afternoon

KARACHI CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS English – Morning & Afternoon
- BS English Bridging – Morning & Afternoon
- Associate Degree in English - Morning & Afternoon

PESHAWAR CAMPUS
Graduate Programs
- MPhil English (Literature) – Afternoon
- MPhil English (Linguistics) – Afternoon

Undergraduate Programs
- BS English – Morning & Afternoon
- BS English (Bridging) - Morning & Afternoon
- Associate Degree in English - Morning & Afternoon

LAHORE CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS English – Morning & Afternoon
- BS English (Bridging) – Morning & Afternoon
- Associate Degree in English - Morning & Afternoon

MIRPUR, AJ&K CAMPUS
Undergraduate Program
- BS English – Morning

MULTAN CAMPUS
Graduate Program
- MPhil English (Linguistics) – Afternoon

Undergraduate Programs
- BS English – Morning & Afternoon
- BS English (Bridging) – Morning & Afternoon

FAISALABAD CAMPUS
Graduate Program
- MPhil English (Linguistics) – Afternoon

Undergraduate Programs
- BS English – Morning & Afternoon
- BS English (Bridging)– Morning & Afternoon

FACULTY OF LANGUAGES AND CULTURE

ISLAMABAD CAMPUS
Graduate Programs
- PhD: Arabic, Persian, Urdu – Afternoon
- MPhil: Arabic, Chinese, French, Persian, Urdu – Afternoon

Undergraduate Programs
- BS Arabic – Morning
- BS Balochi – Morning
- BS Brahui – Morning
- BS Bangla – Morning
- BS Bahasa Indonesia – Morning
- BS Chinese Language Teaching – Morning & Afternoon
- BS Korean Language & Culture – Morning
- BS Languages & Translation Studies – Morning
- BS Pakistani Languages – Morning
- BS Punjabi – Morning
- BS Pashto – Morning
- BS Persian – Morning & Afternoon
- BS Russian Language and Literature – Morning
- BS Urdu - Morning & Afternoon
- BS Urdu (Bridging) – Morning
- Associate Degree in Chinese Language Teaching – Morning & Afternoon
- Associate Degree in Bahasa Indonesia – Morning
- Associate Degree in Bangla – Morning
- Associate Degree in Hindi – Morning
- Associate Degree in Urdu - Morning & Afternoon
- BS French – Morning
- BS German – Morning
- BS Hindi – Morning
- BS Sindhi – Morning
- BS Turkish – Morning

Functional Courses (English Language)
- Postgraduate Courses:
  - Advanced Diploma English Language Teaching (ELT) (01 Year) – Morning & Afternoon
  - Advanced Diploma English (01 Year) – Morning & Afternoon
  - Workshop on English Language Teaching (ELT) (8 Weeks) – Morning & Afternoon
  - English for Teachers of other Subjects – (01 Semester) – Morning & Afternoon
- English Language Courses (01 Semester)
  - English Level A1, A2, B1, B2 – Morning & Afternoon
  - English Level C1 – (Advanced Level) – Morning
- English Courses (08 Weeks)
  - IELTS (04 / 08 Weeks) – Morning & Afternoon
  - Test of English as Foreign Language (TOEFL) – Morning & Afternoon
  - English Speaking Proficiency Course – Afternoon
  - English for Business Communication – Morning & Afternoon
  - English for Academic Writing – Morning & Afternoon
  - Occupational English Test (OET) – Morning & Afternoon

ISLAMABAD CAMPUS
Functional Courses (Other Languages)
- Advanced Diploma (01 year) – Morning
  Arabic, Balochi, Brahui, French, Japanese, Korean, Pashto, Punjabi, Sindhi, Spanish, Urdu
- Diploma-in-Interpretation (1½ year) – Morning
  Bangla, Bahasa (Indonesian), Afghan Persian (Dari), Chinese, German, Hindi, Persian, Russian, Turkish & Uzbek
  Arabic– Morning & Afternoon
- Diploma (01 Semester)
  Morning & Afternoon
  Arabic & Persian Languages, Translation & Interpretation
  Morning
  Afghan Persian (Dari), Balochi, Brahui, Bangla, Bahasa (Indonesian), French, Hindi, Italian, Korean, Pashto, Punjabi, Sindhi, Spanish, Turkish, Uzbek & Urdu
- Diploma (02 semesters – 01 year)
  Professional Urdu Language – Morning
  Teaching Chinese to the Speakers of other Languages – Afternoon, Chinese, Japanese, Russian Languages – Morning & Afternoon
- Certificate (01 semester)
  Morning
  Afghan Persian (Dari), Balochi, Brahui, Bangla, Bahasa, Bahasa Malay, Hindi, Italian, Korean, Pashto, Pahari, Punjabi, Spanish, Sindhi, Turkish, Uzbek & Urdu
  Morning & Afternoon
  French, Japanese, Persian & Russian languages
  Translation and Interpretation, English for Interpreters
  Arabic & Chinese (Weekend also)
  German A1, A2, B1 (10 weeks), B2 (01 Semester) – Morning & Afternoon
  German C1 (01 Semester) – Afternoon
- Short Languages Courses (08 weeks)
  Balochi, Brahui, Pashto, Punjabi – Morning / Afternoon
  Bahasa Indonesia, Bahasa Malay, Bangla, Hindi -Morning
- Online Language Proficiency Courses (Level-I (8 / 16 Weeks) and Level-II (16 Weeks)
  Arabic, Azerbaijani, Bahasa, Balochi, Bangla, Brahui, Chinese, English, French, German, Hindi, Italian, Japanese , Korean, Pashto, Persian, Punjabi, Russian, Sindhi, Spanish, Turkish, Urdu, Uzbek, Bahasa Malay

RAWALPINDI CAMPUS
Functional Courses (English Language)
English Courses (08 Weeks)
- IELTS, English Speaking Proficiency Course – Afternoon & Weekend

Functional Courses (Other Languages)
- Certificate (01 semester) – Afternoon
  Arabic, French, Korean, Japanese,
- Preparatory Courses (08 Weeks)
  German A-1 – Morning, Afternoon, Weekend
  German A-2, B-1, Chinese – Afternoon

MULTAN CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS Arabic – Morning
- BS Chinese Language Teaching – Morning
- BS French – Morning
- BS Urdu - Morning
- BS Languages & Translation Studies – Morning & Evening

Functional Courses (English Language)
- Postgraduate Courses:
  - Advanced Diploma English Language Teaching (ELT) - (01 Year) – Evening
  - Advanced Diploma English (01 Year) – Evening
  - Workshop on English Language Teaching (ELT) - (8 Weeks) – Evening
  - English for Teachers of other Subjects – (01 Semester) – Evening
- English Language Courses (01 Semester)
  - English Level A1, A2 & B1 – Evening
  - English Level B2 – Evening & Afternoon
  - English Level C1 (Advanced English) – Evening
- English Short Courses
  - English for Business Communication - Evening
  - English for Academic Writing – Evening
  - Occupational English Test – Evening
  - IELTS – Morning & Afternoon
  - English Proficiency Course – Evening

Functional Courses (Other Languages)
- Diploma
  Chinese (02 semesters – 01 year) – Evening
  Arabic (01 semester) – Evening
- Certificate (01 semester)
  Arabic, Chinese & Korean – Evening & Weekend
- German A1 & A2 (16 Weeks) – Evening

FAISALABAD CAMPUS
Functional Courses (English Language)
- English Level A2 & B1 (01 Semester) – Morning & Afternoon
- IELTS - Morning & Afternoon

Functional Courses (Other Languages)
- Certificate (01 semester) - Morning & Afternoon
  Arabic, Chinese, German & Korean Languages

PESHAWAR CAMPUS
Functional Courses (English Language)
Morning, Afternoon & Weekend
- English Level A1, A2, B1 & B2 (01 Semester)
- IELTS (1 Month)
- English Conversation Course (1 Month)

Functional Courses (Other Languages)
- Certificate (01 Semester) - Morning, Afternoon & Weekend
  Arabic, Chinese, French, German, Japanese & Korean

HYDERABAD CAMPUS
Functional Courses (English Language)
- English Level A2 & B1 (01 Semester) – Afternoon & Evening
- IELTS (04 Weeks) – Afternoon & Evening

Functional Courses (Other Languages)
- Certificate (01 semester) – Morning/Afternoon/Evening
  Arabic, Chinese, French, German & Turkish
- Short Languages Courses (08 weeks) – Evening
  Chinese, French, German, Japanese & Korean

LAHORE CAMPUS
Functional Courses (English Language)
- English Level A2 & B1 (01 Semester) – Morning & Afternoon
- IELTS (online) (01 Semester) – Morning & Afternoon
- Short Courses – 08 Weeks (Morning & Afternoon)
  English Speaking Proficiency
  IELTS
  Essay & Precis Writing for Competitive Exams
  Technical & Business Writing
  Pearson Test of English (PTE) – Morning & Afternoon
- IELTS (04 Weeks) – Morning & Afternoon

Functional Courses (Other Languages)
- Certificate (01 semester) - Morning & Afternoon
  Chinese, French (on campus & online), German, Japanese, Korean, Persian, Spanish & Turkish languages
  Arabic - Morning
- Language Courses – 08 Weeks
  Chinese, French, Japanese & Korean - Morning & Afternoon
  Italian, Spanish & Swedish - Morning & Evening
  German – Morning

MIRPUR, AJ&K CAMPUS
Functional Courses (English Language)
- English Level A1, A2, B1 & B2 (01 Semester) – Afternoon
- IELTS (04 /08 Weeks) – Morning & Afternoon

Functional Courses (Other Languages)
- Certificate (01 semester) - Morning & Afternoon
  Arabic & Chinese, French, German, Spanish, Russian

KARACHI CAMPUS
Functional Courses (English Language)
Morning / Evening / Weekend
- English Level A1, A2, B1 (01 Semester)
- English Speaking Proficiency Course
- IELTS

Functional Courses (Other Languages)
- Diploma (01 semester) – Morning, Evening & Weekend
  Arabic, Chinese, French, German & Turkish
- Certificate (01 semester) – Morning, Evening & Weekend
  Arabic, Chinese, French, German, & Turkish (Morning & Evening)

FACULTY OF SOCIAL SCIENCES

ISLAMABAD CAMPUS
Graduate Programs
- PhD: International Relations – Afternoon
- MPhil: Education, Governance & Public Policy, International Relations, Islamic Studies, Pakistan Studies, Media & Communication Studies – Afternoon

Undergraduate Programs
- B.Ed (4 Years) - Morning & Afternoon
- B.Ed (Bridging) - Morning & Afternoon
- BS Data Analytics for Governance and Public Policy - Morning & Afternoon
- BS Educational Leadership and Management - Morning & Afternoon
- BS Early Childhood Care and Education - Morning
- BS Health and Physical Education - Morning & Afternoon
- BS International Relations – Morning & Afternoon
- BS International Relations (Bridging) – Afternoon
- BS Islamic Studies - Morning & Afternoon
- BS Islamic Studies (Bridging) – Morning
- BS Media & Communication Studies – Morning & Afternoon
- BS Psychology – Morning & Afternoon
- BS Pakistan Studies – Morning & Afternoon
- BS Pakistan Studies (Bridging) – Morning
- BS Public Administration & Governance – Morning & Afternoon
- BS Public Administration & Governance (Bridging) – Afternoon
- Associate Degree in Media & Communication Studies – Morning & Afternoon
- Associate Degree in Psychology – Morning & Afternoon

Functional Courses (Morning & Afternoon)
- Advanced Diploma in Clinical Psychology (1 year)
- Diploma in Video Production (1 Semester)
- Diploma in Graphic Designing & Digital Advertising (1 Semester)

RAWALPINDI CAMPUS
Graduate Programs
- MPhil: International Relations, Psychology – Afternoon

Undergraduate Programs
- BS Media & Communication Studies – Morning & Afternoon
- BS International Relations – Morning & Afternoon
- BS Psychology – Morning & Afternoon

Functional Courses
- Advanced Diploma in Clinical Psychology (1 year) – Afternoon

LAHORE CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS Media & Communication Studies – Morning & Afternoon
- BS Media & Communication Studies (Bridging) – Morning & Afternoon
- BS Psychology – Morning & Afternoon
- BS Psychology (Bridging) – Morning
- BS Islamic Studies - Morning
- Associate Degree in Islamic Studies

Functional Courses
- Advanced Diploma in Clinical Psychology (1 year) – Morning & Afternoon

HYDERABAD CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS Media & Communication Studies – Morning
- BS Psychology – Evening

Functional Courses
- Adv Diploma (1 year) - Montessori & Early Childhood Education – Afternoon & Evening
- Junior Diploma in Physical Education (1 year) – Morning, Afternoon & Evening

FAISALABAD CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS International Relations – Morning & Afternoon
- BS Psychology – Morning & Afternoon
- BS Psychology (Bridging) - Morning & Afternoon

KARACHI CAMPUS
Graduate Programs
- MPhil: Islamic Studies – Afternoon

Undergraduate Programs
- BS Psychology – Morning & Evening
- BS Islamic Studies - Morning
- BS Media & Communication Studies – Morning & Evening
- B.Ed (04 Years) – Morning & Afternoon
- B.Ed (1.5, 2.5 Years) – Weekend
- Associate Degree in Psychology - Morning & Evening
- Associate Degree in Media & Communication Studies - Morning & Evening
- Associate Degree in Islamic Studies - Morning & Evening
- Associate Degree in Early Childhood Care and Education - Morning & Evening

MIRPUR, AJ&K CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS Psychology – Morning

MULTAN CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS Islamic Studies – Morning
- BS International Relations – Morning
- BS Media & Communication Studies – Morning
- BS Pakistan Studies - Morning
- BS Special Education – Morning
- BS Public Administration & Governance – Morning
- BS Psychology – Morning & Afternoon
- BS Health and Physical Education – Morning
- BS Early Childhood Care and Education - Morning
- BS Educational Leadership and Management - Morning

Functional Courses
- Advanced Diploma in Clinical Psychology (1 year) – Evening
- Diploma in Montessori Teachers Training (1 Semester) – Morning & Afternoon

FACULTY OF ENGINEERING & COMPUTING

ISLAMABAD CAMPUS
Graduate Programs
- PhD
  Computer Science – Afternoon & Weekend
  Software Engineering, Mathematics – Afternoon
- MS
  Computer Science, Artificial Intelligence, MS Cyber Security – Afternoon & Weekend
  Electrical Engineering, Software Engineering, Data Science, Mathematics – Afternoon

Undergraduate Programs
- BSCS (Accredited with NCEAC) - Morning & Afternoon
- Associate Degree in Computing – Afternoon
- BS Artificial Intelligence – Morning
- BS Software Engineering (Accredited with NCEAC) - Morning & Afternoon
- BS Information Technology – Morning
- BS Data Science – Morning
- BS Mathematics (Specialization in Data Science / Artificial Intelligence) - Morning & Afternoon
- BS Mathematics (Bridging) - Morning
- BS Computational Mathematics and Artificial Intelligence – Morning & Afternoon
- BS Computer Engineering – Morning & Afternoon
- BS Robotics & Intelligent System – Morning & Afternoon

(CS, SE & ECE Dept - Afternoon Class Timings: 1:45 pm to 7:15 pm)

RAWALPINDI CAMPUS
Undergraduate Programs
- BSCS (Accredited with NCEAC) - Morning & Afternoon
- BS Software Engineering (Accredited with NCEAC) - Morning & Afternoon
- BS Data Science - Afternoon

Functional Course (8 Weeks) - Afternoon
- Graphic Designing
- AI & Generative AI
- Digital Marketing & SEO

KARACHI CAMPUS
Undergraduate Programs
- BSCS - Morning
- Associate Degree in Computing – Morning & Afternoon

MIRPUR, AJ&K CAMPUS
Undergraduate Programs
- BS Software Engineering – Morning
- BSCS – Morning

LAHORE CAMPUS
Undergraduate Programs
- BSCS – Morning
- Associate Degree in Computing – Afternoon
- BS Software Engineering – Morning
- BS Artificial Intelligence – Afternoon

PESHAWAR CAMPUS
Undergraduate Programs
- BSCS – Morning & Afternoon
- BS Artificial Intelligence – Morning & Afternoon

HYDERABAD CAMPUS
Undergraduate Programs
- BSCS - Morning
- BS Mathematics – Afternoon

FAISALABAD CAMPUS
Graduate Programs
- MS Computer Science – Afternoon

Undergraduate Programs
- BSCS – Morning
- BS Software Engineering – Morning
- BS Information Technology – Morning
- BS Mathematics – Morning / Afternoon
- Associate Degree in Computing – Afternoon

MULTAN CAMPUS
Graduate Program
- MS Computer Science – Evening

Undergraduate Programs
- BSCS – Morning
- BS Information Technology – Morning
- BS Software Engineering – Morning
- Associate Degree in Computing – Afternoon
- BS Artificial Intelligence – Morning

FACULTY OF MANAGEMENT SCIENCES

ISLAMABAD CAMPUS
Graduate Programs
PhD: Economics, Management Sciences – Afternoon

MS / MPhil / MBA
- MPhil Economics – Afternoon
- MS Development Studies in Economics – Afternoon, Weekend
- MS Banking and Finance –Weekend
- MS Management Sciences (Marketing, Finance, HR, SCM) – Afternoon, Weekend
- MBA, Executive MBA – Weekend

Undergraduate Programs
- BBA – Morning & Afternoon
- BBA (Bridging) – Morning & Afternoon
- BS Business Analytics – Morning & Afternoon
- BS Tourism and Hospitality Management – Morning
- BS Real Estate Management – Morning
- BS Accounting & Finance (Accredited with ACCA, IFA, IPA, ICPAP) – Morning & Afternoon
- BS Islamic Banking & Finance – Morning & Afternoon
- BS Economics & Finance – Morning & Afternoon
- BS Economics & Finance (Bridging) – Morning & Afternoon
- BS Economics – Morning & Afternoon
- BS Economics (Bridging) – Morning & Afternoon
- BS Economics and Data Analytics – Morning & Afternoon
- Associate Degree in Business Administration - Morning & Afternoon

RAWALPINDI CAMPUS
Graduate Programs
- MS Management Sciences (Marketing, Finance, HRM, SCM) – Afternoon & Weekend
- MBA, Executive MBA – Afternoon & Weekend

Undergraduate Programs
- BBA – Morning & Afternoon
- BS Business Analytics – Morning & Afternoon
- BS Accounting & Finance (Accredited with ACCA, IFA, IPA) – Morning & Afternoon

FAISALABAD CAMPUS
Graduate Programs
- MS Management Sciences – Afternoon & Weekend
- MBA – Morning, Afternoon & Weekend

Undergraduate Program
- BBA – Morning & Afternoon
- BBA (Bridging) – Morning & Afternoon
- BS Accounting & Finance (Accredited with ACCA, IFA, IPA) – Morning / Afternoon
- BS Commerce – Morning / Afternoon
- BS Economics & Finance – Morning / Afternoon
- BS Economics & Finance (Bridging) – Morning / Afternoon
- Associate Degree in Commerce – Morning / Afternoon
- Associate Degree in Business Administration – Morning / Afternoon
- Associate Degree in Economics – Morning / Afternoon
- Associate Degree in Economics & Finance – Morning / Afternoon
- Associate Degree in Accounting & Finance – Morning / Afternoon

PESHAWAR CAMPUS
Graduate Programs
- MS Management Sciences – Afternoon
- MBA – Morning & Afternoon

Undergraduate Programs
- BBA – Morning & Afternoon
- BBA (Bridging) – Morning & Afternoon
- BS Accounting & Finance (Accredited with ACCA, IFA, IPA) – Morning & Afternoon
- Associate Degree in Business Administration - Morning & Afternoon

HYDERABAD CAMPUS
Undergraduate Programs
- BBA – Morning & Afternoon
- BBA (Bridging) – Morning
- BS Financial Technologies – Morning
- BS Accounting & Finance (Accredited with ACCA, IFA, IPA) – Morning

KARACHI CAMPUS
Graduate Programs
- MBA – Morning, Evening & Weekend

Undergraduate Programs
- BBA – Morning & Evening
- BBA (Bridging) – Morning & Evening
- Associate Degree in Business Administration - Morning & Evening
- Associate Degree in Commerce - Morning & Evening

LAHORE CAMPUS
Graduate Programs
- MS Management Sciences – Morning, Afternoon, Evening & Weekend
- MBA – Morning, Afternoon, Evening & Weekend

Undergraduate Programs
- BBA – Morning & Afternoon
- BBA (Bridging) – Morning & Afternoon
- BS Business Analytics – Morning & Afternoon
- BS Accounting & Finance (Accredited with ACCA, IFA, IPA) – Morning
- Associate Degree in Business Administration - Morning & Afternoon

MULTAN CAMPUS
Graduate Programs
- MS Management Sciences – Evening
- MBA – Morning, Evening & Weekend

Undergraduate Programs
- BBA – Morning & Evening
- BBA (Bridging) – Morning & Evening
- BS Accounting & Finance (Accredited with ACCA, IFA, IPA) – Morning
- BS Economics & Finance – Morning
- BS Tourism and Hospitality Management – Morning
- BS Business Analytics – Morning
- Associate Degree in Commerce – Morning

MIRPUR, AJ&K CAMPUS
Undergraduate Program
- BBA – Morning
- Associate Degree in Business Administration – Morning

FACILITIES AVAILABLE:

1. **Special Quota:**
   i. 5% seats in each BS program have been reserved for war wounded personnel of Armed/Civil Forces, 10% seats for Baluchistan subject to the conditions, 5% quota is reserved for the children of Overseas Pakistanis.
   ii. Limited seats are available in Undergraduate programs for Provincial / National and International certificate holders in Sports, Debate, Qirat, Nat, Poetry, Calligraphy, Singing, Dramatics and Painting for which an additional processing fee of Rs.1000/- will also be submitted by the applicant. The candidates selected on sports quota will be awarded scholarship with 100% fee waiver and free hostel accommodation.
   iii. For admissions in MS / MPhil / PhD programs (Level 7 & 8) the applicants who have qualified HAT / NTS / GRE will be entertained, however, will have to appear in NUML Subjective Test (25 marks) as per schedule.
   iv. NUML has a comprehensive policy to facilitate and support the students with disabilities.
2. **High Achievers – Merit Scholarship (Undergraduate programs)**:
   i. **100% Tuition Fee Waiver:** Available to the top three position holders from any Board at HSSC level at both the Main and Regional campuses subject to prevailing institutional conditions.
   ii. **50% Tuition Fee Waiver:** Available to students at Regional campuses who have achieved a score of 80% or above at the HSSC level subject to prevailing institutional conditions.
3. **Tuition Fee Waiver:**
   i. **NUML Alumni:** 25% tuition fee waiver for NUML Alumni (with a CGPA = >3.0 (70% marks) seeking admission into MS / MPhil / PhD Program (Level-7 & Level-8).
   ii. **Fee Concession for Afternoon Shift Students:** Students enrolled in Undergraduate Programs opting for the afternoon shift shall be granted a 10% tuition fee concession.
4. **Needs Based Scholarship:** Need based scholarship is offered to the selected/ deserving students that includes tuition fee and monthly stipend.
5. **Hostel Facility:** Limited hostel accommodation is available at Main Campus Islamabad. Students can collect hostel application form from the office of Advisor Hostel Affairs after submission of semester / course fee.
6. **Transport Facility:** This facility is available for specific routes in Rawalpindi / Islamabad and Wah / Taxila on payment.

NOTE: 1. The University reserves the right not to start any program owing to any constraint. 2.**For queries / information:** admission@numl.edu.pk Tele: 051-9265118, 051-9265119

GENERAL INSTRUCTIONS:

1. **Provisional Admissions (Result Awaited).** Result awaiting candidates can apply provisionally by uploading scanned copy of the Hope Certificate / Roll Number Slip. Admission will be cancelled in case of non-submission of valid result (within 7 x days after start of semester) or non-fulfillment of the eligibility criteria. Provisional admissions are not allowed in MS/MPhil/PhD, MBA, BS Bridging and Functional programs.
2. The application will be processed upon submission of the processing fee of Rs.2,500/- (non-refundable). Applicants for MS, MPhil and PhD programs are required to submit an additional fee of Rs.3,000/- (non-refundable) for appearing in the GAT test.
3. **Schedule of GAT / Entrance Test & Interviews etc.** Entrance Tests / GAT (General / Subject) are scheduled to be held as under. Calendar of Events / Instructions for admission is displayed on NUML website. However, it is the responsibility of the applicant to check the exact Date & Time for test / interview through admission portal.
4. Pre-medical background students will have to pass the deficiency courses of Mathematics (06 credits) in first two semesters subject to payment of the applicable fee.

GAT / Entrance Tests	Entrance Tests	Entrance Tests	Entrance Tests
11 Dec 2026 (Friday) at 3:00 pm All Faculties Graduate - MS / MPhil / PhD Programs	12 Dec 2026 (Saturday) at 10:00 am Faculty of Arts & Humanities Undergraduate Programs Faculty of Social Sciences Undergraduate / Functional Programs	12 Dec 2026 (Saturday) at 12:00 pm Faculty of Management Sciences Undergraduate & Graduate Programs Faculty of Languages and Culture Undergraduate / Functional Programs	12 Dec 2026 (Saturday) at 03:00 pm Faculty of Engineering & Computing Undergraduate Programs


NUML, ISLAMABAD CAMPUS Sector H-9, Islamabad. Tele: 051-9265118, 051-9265119, PABX 051-9265100-10	**NUML, RAWALPINDI CAMPUS** Khadim Hussain Road, Rawalpindi. Tele: (51) 5567125, 5794512, 5522469	**NUML, PESHAWAR CAMPUS** Near Peshawar Board, Jamrud Road, Peshawar. Tele:091-9218380-81	**NUML, MULTAN CAMPUS** NUML Avenue, Opposite BZU Metro Station, Bosan Road, Multan. Tele:061-2123067	**NUML, MIRPUR (AJ&K) CAMPUS** New City Mirpur, Azad Jammu and Kashmir Tele: 05827-940512 - 14
NUML, HYDERABAD CAMPUS Plot No.3, Unit No.9, Latifabad, Behind BISE Office, Hyderabad, Tele:022-3820489 & 90	**NUML, KARACHI CAMPUS** St-3. Block-K, North Nazimabad, Karachi. Tele:021-36721027 & 29	**NUML, LAHORE CAMPUS** Block-3, 2nd Floor, Aiwan-e-Iqbal, Egerton Road, Lahore. Tele:042-99204589	**NUML, FAISALABAD CAMPUS** 05 Kilo Meter, Main Jaranwala Road, Near Police Station Saddar, Faisalabad. Tele:041-9330573	**NUML, QUETTA CAMPUS** Near BPSC, Koila Phatak, Quetta. Tele:081-2870212

روزنامہ جنگ کراچی
بانی : میر خلیل الرحمٰن

فرمان الٰہی۔ سورۂ آلِ عمران

اور مجھ سے پہلے جو تورات (نازل ہوئی) تھی اس کی تصدیق بھی کرتا ہوں اور (میں) اس لئے بھی (آیا ہوں) کہ بعض چیزیں جو تم پر حرام تھیں اُن کو تمہارے لئے حلال کردوں اور میں تو تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو O کچھ شک نہیں کہ اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا رستہ ہے O جب عیسیٰ نے اُن کی طرف سے نافرمانی اور (نیت قتل) دیکھی تو کہنے لگے کہ کوئی ہے جو اللہ کا طرفدار اور میرا مددگار ہو۔ حواری بولے کہ ہم اللہ کے (طرفدار اور آپ کے) مددگار ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے اور آپ گواہ رہیں کہ ہم فرمانبردار ہیں O (ترجمہ آیت 50۔52)

تدبر جیتا، تکبر ہارا



مملکت اے مملکت
☆☆☆
محمود شام
Mahmood.shaam@janggroup.com.pk

دنیا کی سب سے طاقتور ریاست امریکہ میں مطلق العنانی حقارت سے مسترد کر دی گئی۔ امن جیت گیا جنگ جوئی کا سقوط ہو گیا۔ ایک خود پسند صدر کی رعونت دھری کی دھری رہ گئی۔ امریکہ کے وسط مدتی انتخابات کا یہ تو جذباتی تجزیہ ہو گیا۔

اصل فتح اس میں ڈیموکریٹس کی سیاسی حکمت عملی کی ہوئی ہے۔ جو دو سیاہ فاموں اوباما اور جیفری کی قیادت میں امریکیوں نے مرتب کی۔ تاریخ دیکھ رہی تھی اس سفید فام امریکی صدر کی خود سری بڑھتی جا رہی ہے۔ اس نے یہ اعلان بھی کیا کہ اب میں بادشاہت کروں گا۔ وائٹ ہاؤس میں اپنے لیے شاہانہ کرسی بھی لگائی۔ صدارتی محل کو عشرت گاہ میں منتقل کر دیا۔ ٹرمپ نے کہا کہ میری مرضی ہی اب قانون ہے۔ میں ہر قانون سے بالاتر ہوں۔ میرا خاندان ہی سب کچھ ہے دوسرے ملکوں سے سارے اقتصادی معاہدے اس کے بیٹے داماد کے واسطے کر رہے تھے۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو نومبر 2026 کے سینیٹ اور ایوان نمائندگان کے الیکشن میں ٹرمپ کی ذات اور غلط پالیسیوں سے عوامی نفرت فتح کی بنیاد بنی ہے۔ یہ نفرت اتنی طاقتور کیوں ہوئی اسلئے کہ امریکی عوام 250 سال سے نسل در نسل جمہوری شعور کی آبیاری کرتے آ رہے ہیں جو انہیں بڑی قربانیوں کے بعد میسر آیا تھا۔ کتنی خانہ جنگیاں۔ کتنے صدور کی ہلاکتیں کبھی سیاہ فام اپنے حقوق کے حصول کیلئے غلامی کا طوق اتار رہے ہیں۔ کبھی محنت کش لاٹھی گولی میں اپنا خون بہا رہے ہیں۔ کبھی عورتیں اپنے ووٹ کیلئے سڑکوں پر ہیں۔ امریکہ دوسری جنگ عظیم کے بعد دنیا پر نئی نئی جنگیں مسلط کرتا رہا ہے۔ کبھی کمیونزم کی یلغار روکنے کیلئے۔ کبھی مشرق وسطیٰ میں سیاسی اور عسکری تسلط حاصل کرنے کیلئے۔ یہودی لابی نے امریکہ کو اپنا یرغمال بنایا ہوا ہے۔ امریکہ برطانیہ نے مل کر مشرق وسطیٰ میں اسرائیل کو کاشت کیا۔ اسرائیل کو ناقابل تسخیر بنانے کیلئے امریکہ نے بے تحاشا فنڈز دیے۔ ہتھیار دیے۔ ایشیا اور افریقہ میں عوام کی منتخب حکومتوں کے تختے الٹے۔ لوگوں کے منتخب حکمرانوں کو سازشوں سے ہلاک کروایا لیکن امریکہ کے عوام نے اپنے ہاں جمہوریت کا تسلسل برقرار رکھا۔

اب جس عشرے میں ہم سانس لے رہے ہیں اس میں ٹرمپ اگرچہ لوگوں کے ووٹ سے ہی حکمران بنے تھے لیکن ان کی مطلق العنانی نے دنیا میں تو ان کے خلاف نفرت پھیلائی ہے مگر خود امریکہ میں بھی وہ سخت ناپسندیدگی کی علامت بن گئے۔ ایک طرف ان کا لاابالی پن تھا اور کاروباری منافع خوری تھی۔ اپنے ہم وطنوں کے مسائل کا انہیں کوئی درد نہیں تھا۔ جہاں بھر کے مظلوموں کی سسکیاں انہیں سنائی نہیں دیتی تھیں۔ فلسطین میں ان کے دونوں ادوار میں ہزاروں انسانوں کو تہ تیغ کیا گیا۔ ہزاروں گھر مسمار کیے گئے۔

اسرائیل کے زندانوں میں، عقوبت خانوں میں فلسطینی نوجوانوں پر ایسے ایسے مظالم ڈھائے گئے کہ ہلاکو اور چنگیز کی روحیں بھی خوف کھانے لگیں۔ یورپ جو انسانی عز و شرف کا بڑا پرچارک بنتا تھا وہ بھی ٹرمپ کا ہم آواز بنتا رہا لیکن ٹرمپ نے اپنے آمرانہ غرور میں یورپ کو بھی روند ڈالا۔ کینیڈا میں بھی ان کے خلاف نفرت پھیلنے لگی۔ ڈنمارک بھی ان کی رعونت سے بیزار ہو گیا۔ فرانس نے بھی بغاوت کر دی۔ برطانیہ نے بھی فلسطین دشمنی میں ان کا ساتھ دینے سے انکار کیا۔ تین نومبر کو امریکی عوام نے ٹرمپ کی ریپبلکن پارٹی کو حقارت سے مسترد کر دیا۔ اب ٹرمپ امریکی سیاسی اصطلاح میں لنگڑی بطخ ہیں اور اردو محاورے میں کھسیانی بلی۔ ہمارے پرکھے کہہ گئے ہیں کھسیانی بلی کھمبا نوچے۔ اپنے آپ سے لڑتے ہوئے اور جھلاتے ہوئے ٹرمپ کون سے کھمبے نوچ سکتے ہیں۔ آج امریکی تجزیہ نگار یہ بھی کہتے ہیں کہ لنگڑی بطخ زیادہ خطرناک ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اسے الیکشن ہارنے کا ڈر نہیں ہوتا۔ تیسری بار صدارت کیلئے امیدوار نہیں بن سکتے۔ سینیٹ میں ڈیموکریٹس کے پاس دو تہائی اکثریت نہیں ہے۔ اس لیے مواخذے کی صورت نہیں بن سکتی غزہ فلسطین میں ٹرمپ کی شکست پر خوشیاں تو منائی گئی ہیں لیکن وہاں کوئی بڑی تبدیلی آنے کا امکان نہیں۔ مسلمان بادشاہتیں فلسطینیوں سے اسی طرح بیزار رہیں گی اور امریکہ کی کاسہ لیس بنی رہیں گی۔ البتہ جو حکمران ٹرمپ کی شہ پر مصاحب بنے اتراتے پھرتے تھے اب ٹرمپ انہیں آسانی سے فنڈز فراہم نہیں کر سکیں گے۔

تین جنوری 2027 کو جب امریکہ میں پہلے سیاہ فام اسپیکر بنیں گے تو یہ حقیقی تبدیلی ہوگی۔ لیکن 20 جنوری 2029 تک ٹرمپ صدر رہیں گے یہ جو دو سال ہیں امریکہ میں مسلسل سیاسی معاشی اور انتظامی کشمکش رہے گی طاقت کے مراکز وائٹ ہاؤس۔ سینیٹ۔ ایوان نمائندگان میں قانونی تصادم جاری رہے گا۔ دونوں ایوان قانون سازی کر سکتے ہیں لیکن وائٹ ہاؤس اس کو ویٹو کرتا رہے گا۔ اس طرح ان دو سالوں کو امریکہ کیلئے تعطل کے سال کہا جا سکتا ہے۔ یہ بھی امکان ہے کہ اس دوران نہ تو کوئی بڑی جنگ آئے گی اور نہ ہی ٹرمپ کے ہوتے ہوئے دنیا میں ایک بڑا امن قائم ہو سکے گا۔

چین امریکہ کی اندرونی جنگ سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اب وہ تائیوان کو آسانی سے چین میں ضم کر سکتا ہے۔ چین کیلئے پوری دنیا میں راستے کھل گئے ہیں۔ یورپ پہلے ہی چین کی طرف مائل ہوتا جا رہا تھا۔ انہی برسوں میں یورپی ممالک نے چین کے دورے کیے ہیں۔ نیٹو نے کئی یلغاروں میں امریکہ کا ساتھ نہیں دیا ہے۔ ڈیموکریٹس نے جس تدبر اور بصیرت سے یہ الیکشن جیتا ہے نومبر 2028 میں صدارتی الیکشن بھی وہ یقیناً جیت سکتے ہیں۔ ریپبلکن پارٹی تو اپنے زخموں پر پوری طرح مرہم نہیں رکھ سکے گی اور یہ بھی اب یقین ہے کہ کوئی امریکی صدر بادشاہ بننے کی کوشش نہیں کرے گا۔ میں نے آپ کیلئے اس الیکشن کے نعرے جاننے کی کوشش کی ہے۔ جو پوری امریکی ریاستوں میں گونجتے رہے اور ووٹروں کے دل گرماتے رہے۔ عوامی زبان میں ملاحظہ کیجئے۔

''اپنا پیسہ اپنی جیب نہ کہ ٹرمپ کی پاکٹ''

''سستا امریکہ اور مطمئن امریکی''۔

پچھلے دو سال کے دوران امریکی عوام بالخصوص مڈل کلاس نے محسوس کیا اور برملا تبصرہ بھی کرتے رہے کہ ہماری تو جیب خالی ہے مگر ٹرمپ اپنی پاکٹ سونے سے بھر رہا ہے۔ ایک اور نعرہ بہت موثر رہا کہ صحت سب کے لیے۔ بڑی دوا ساز کمپنیوں کو لگام دینا ہوگی۔ پوری ریاستوں میں یہ نعرہ بھی مقبول ہو رہا تھا کہ اب امریکی معیشت ہماری مالی برداشت کے مطابق ہوگی اور ٹرمپ کا احتساب ہوگا۔ چیزیں سستی کرو۔ امریکہ سستا بھی اور پائیدار بھی۔ ایک قول زریں یہ بھی تھا کہ اب امریکہ میں ایسی سیاست ہوگی جو امریکیوں کو جوڑے نہ کہ توڑے۔

امریکی مڈٹرم انتخابات کے نتائج پاکستان سمیت سارے مقروض اور غریب ملکوں کے عوام حکمران دونوں کیلئے بہت سبق رکھتے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہوگا کہ کہاں کہاں سیاسی جماعتیں ڈیموکریٹس کی طرح اپنی حکمت عملی مرتب کرتی ہیں اور اپنے ملک میں حقیقی جمہوریت لے کر آتی ہیں۔

یومِ اقبال کا لانگ ویک اینڈ



ذرا ہٹ کے
☆☆☆
یاسر پیرزادہ
yasir.pirzada@janggroup.com.pk

یوم اقبال کی چھٹی کی وجہ سے لانگ ویک اینڈ مل گیا تو سوچا کہ شاعر مشرق کا اتنا حق تو بنتا ہے کہ ان پر کوئی کتاب ہی پڑھ لی جاوے۔ اپنی اسٹڈی کھنگالی تو اقبال پر درجن سے زائد کتابیں نکل آئیں، کچھ پر گرد جم چکی تھی۔ علی عباس جلال پوری کی ''اقبال کا علم الکلام'' اور جاوید اقبال کی ''خطبات اقبال'' کو نہلا دھلا کر علیحدہ کر لیا۔ میری عادت ہے کہ کتاب پڑھتے وقت اہم حصوں کو نشان زد کرتا جاتا ہوں، جہاں مصنف کو داد دینے کو جی چاہے وہاں ستارے بنا دیتا ہوں اور کہیں کہیں حاشیے میں تبصرہ بھی لکھ دیتا ہوں۔ جلال پوری کی پوری کتاب میں نے نیل ونیل کر رکھی تھی اور اس کی وجہ وہ انداز بیان اور علمی وفور ہے جو کتاب کے ہر صفحے سے چھلکتا ہے۔ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ اقبال نے یورپ سے لوٹ کر نظریہ خودی پیش کیا۔ جب ناقدین نے کہا کہ یہ نظریہ جرمن فلسفی نطشے سے ماخوذ ہے تو انہوں نے فرمایا: ''میرا دعویٰ ہے کہ اسرار کا فلسفہ مسلمان صوفیاء اور حکماء کے افکار و مشاہدات سے ماخوذ ہے۔'' لیکن جلال پوری لکھتے ہیں، یہ دعویٰ محل نظر ہے، اور پھر وہ خلیفہ عبدالحکیم کا حوالہ دیتے ہیں جنہوں نے اس بارے میں لکھا: ''خودی کے فلسفے کی تاسیس میں صفحہ 12 پر جو اشعار ہیں وہ نطشے سے ماخوذ ہیں، جس کا فلسفہ یہ تھا کہ عین ذات یا حقیقت وجود انائے ساعی ہے، عمل اس کی فطرت ہے۔

..اس فلسفے کو جوں کا توں اقبال نے اپنے بلیغ اور رنگین انداز میں بیان کیا ہے کہ فلسفے کا خشک صحرا گلزار ہو گیا ہے۔'' جلال پوری اس بات سے کامل اتفاق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اقبال کا نظریہ خودی بہ تمام و کمال نطشے سے ماخوذ ہے۔ آگے چل کر وہ مزید لکھتے ہیں کہ اقبال کا نظریہ زمان (وقت) برگساں سے ماخوذ ہے اور یہاں بھی وہ خلیفہ عبدالحکیم کو کوٹ کرتے ہیں: ''اقبال زمان کو ماہیت وجود اور عین خودی سمجھتا ہے لیکن یہ زمان شب و روز کا زمان نہیں بلکہ تخلیقی ارتقا کا نام ہے۔ یہ نظریہ زمان وہی ہے جسے برگساں نے بڑے دل نشین انداز میں اپنے نظریہ حیات کا اہم جزو بنایا.. اقبال برگساں کا بڑا مداح تھا اور اُس کے فلسفے سے اقبال نے فیض بھی حاصل کیا۔''

اقبال کے فلسفہ خودی پر بحث کرنا مقصود نہیں، مدعا صرف یہ ہے کہ دنیا کا کوئی فلسفی، شاعر، دانشور خلا میں پیدا نہیں ہوتا۔ افلاطون نے سقراط سے لیا، ارسطو نے افلاطون سے، ابن سینا نے ارسطو سے، اور غزالی نے ابن سینا کو رد کرنے کیلئے بھی ابن سینا ہی سے سیکھا۔ خود اقبال نے نطشے پر نظمیں کہیں، برگساں سے پیرس جا کر ملاقات کی اور خطبات میں وائٹ ہیڈ اور آئن اسٹائن تک کے حوالے دیے۔ نطشے کی 'انائے ساعی' جرمن یونیورسٹیوں میں پڑی تھی۔ اقبال نے اُسے اٹھایا، خودی کا نام دیا، اُس میں رومی کی روح پھونکی اور اُسے یوں شعروں میں ڈھال دیا کہ آج بچہ بچہ ''خودی کو کر بلند اتنا'' پڑھتا ہے۔ خلیفہ عبدالحکیم نے بھی تو یہی لکھا ہے کہ فلسفے کا خشک صحرا گلزار ہو گیا۔

جلال پوری کی اس بحث کے اندر ایک اور بات بھی چھپی ہوئی ہے کہ اقبال کے خیالات ایک جگہ ٹھہرے نہیں رہے۔ یورپ جانے سے پہلے کا اقبال کچھ اور تھا، یورپ سے لوٹنے والا اقبال کچھ اور، اور زندگی کے آخری برسوں کا اقبال کچھ اور۔ یہ بات فلسفے پر ہی نہیں سیاست پر بھی صادق آتی ہے۔ اور سیاست والی بات ان دنوں خاص طور پر یاد آ رہی ہے کیونکہ سوشل میڈیا پر اقبال کا ایک پرانا خط گردش کر رہا ہے جسے پڑھ کر کچھ لوگ خوش ہو رہے ہیں اور کچھ کا بلڈ پریشر بڑھ رہا ہے۔ یہ خط اقبال نے 4 مارچ 1934ء کو آکسفورڈ کے پروفیسر ایڈورڈ تھامسن کو لکھا تھا اور پاکستان نامی اسکیم سے لاتعلقی کا اظہار کیا تھا۔ اقبال کے خطوط برسوں سے کتابوں میں چھپے ہوئے ہیں اور اقبال پر لکھنے والوں کیلئے نئے نہیں۔ نئے صرف اُن کیلئے ہیں جو اقبال کو کتاب کے بجائے واٹس ایپ پر پڑھتے ہیں۔

1930ء کے خطبہ الٰہ آباد میں اقبال نے پنجاب، صوبہ سرحد، سندھ اور بلوچستان کو ملا کر ایک ریاست بنانے کی خواہش ظاہر کی تھی اور اسی خطبے میں وہ 'ہندوستان کے اندر مسلم ہندوستان' کے مطالبے کو جائز قرار دیتے ہیں۔ یعنی 1930ء کا اقبال ابھی وفاق کے دائرے میں رہ کر سوچ رہا تھا، اور 1934ء کا اقبال بھی اسی جگہ کھڑا تھا۔ مگر پھر 1937ء آیا، صوبائی انتخابات ہوئے، کانگریس کو بھاری کامیابی ملی۔ انہی دنوں اقبال نے قائداعظم کو خطوط لکھے اور 21 جون 1937ء کے خط میں وہ جملہ لکھا کہ مسلم صوبوں کا ایک علیحدہ وفاق ہی وہ واحد راستہ ہے جس سے ہندوستان میں امن قائم رہ سکتا ہے اور مسلمان غیر مسلموں کے غلبے سے بچ سکتے ہیں۔ اقبال اپریل 1938ء میں رخصت ہو گئے اور قرارداد لاہور اُن کی وفات کے دو برس بعد منظور ہوئی۔ باقی تاریخ ہے۔

1904ء میں اقبال جب گورنمنٹ کالج لاہور میں استاد تھے تو انہوں نے ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا'' لکھی۔ اُس وقت اُن کی عمر ستائیس برس تھی اور دل میں ہندوستان کی محبت یوں ٹھاٹھیں مار رہی تھی کہ اسی نظم میں کہہ گئے ''مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا''۔ ہندوستان نے آج تک اس نظم کو گود لیا ہوا ہے اور واپس نہیں کیا۔ صورتحال یہ ہے کہ ہر سال 29 جنوری کی شام جب نئی دہلی میں یوم جمہوریہ کی تقریبات 'بیٹنگ ریٹریٹ' کے ساتھ اختتام کو پہنچتی ہیں تو بھارتی فوج، بحریہ اور فضائیہ کے بینڈ جس دھن پر مارچ کرتے ہوئے راشٹرپتی بھون کی طرف لوٹتے ہیں وہ 'سارے جہاں سے اچھا' کی دھن ہوتی ہے۔ یعنی اقبال ہمارے قومی شاعر بھی ہیں اور بھارتی فوج کے بینڈ ماسٹر کے پسندیدہ شاعر بھی۔ سرحد کے اس پار اُن کا یوم پیدائش قومی تعطیل ہے اور اُس پار اُن کی نظم قومی تقریب کا اختتامیہ۔ دنیا میں شاید ہی کوئی اور شاعر ایسا ہو جو دو ایسے ملکوں کا مشترکہ اثاثہ ہو جو ایک دوسرے کی شکل دیکھنا پسند نہیں کرتے۔ اقبال گویا سرحد کے دونوں طرف ڈیوٹی دے رہے ہیں اور تنخواہ کسی طرف سے وصول نہیں کر رہے۔ یہی اقبال یورپ سے لوٹنے کے بعد 1910ء میں اسی بحر اور انداز میں 'ترانہ ملی' لکھتے ہیں جس کا پہلا شعر گویا اپنے ہی پرانے ترانے کا جواب ہے: ''چین و عرب ہمارا، ہندوستاں ہمارا، مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا''۔ ہم اسکول میں یہ ترانہ گایا کرتے تھے۔ اقبال نے اپنی رائے بدلی تو چھپ چھپا کر نہیں بلکہ علی الاعلان بدلی۔ دونوں نظمیں آج بھی 'بانگ درا' میں ساتھ ساتھ موجود ہیں۔ جس دل میں ''ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا'' اور ''مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا'' دونوں سما گئے، اُس نقطے میں دو ریاستوں کیلئے کم از کم اتنی گنجائش تو نکل ہی سکتی ہے کہ وہ ایک دوسرے کے وجود کو تسلیم کر لیں۔ افسوس کہ ہماری زندگیوں میں یہ معمول کی بات اب ناممکن لگتی ہے۔ بہرحال، پاکستان اور ہندوستان کو یوم اقبال مبارک ہو۔

نواب ناطق کی یاد میں



روزن دیوار سے
عطاء الحق قاسمی
attaul.haq@janggroup.com.pk

نواب ناطق کے ایک دوست نے انہیں مصرعہ دیا اور کہا کہ اس پر گرہ لگائے ''مصرعہ'' تھا۔

زنباق ثریا لگا زنباق ثریا

ناطق نے ایک لمحہ توقف کیا اور پھر ''شعر'' مکمل کر دیا۔

ناطق کہ سخن تیرا ہے تریاق ثریا
زنباق ثریا لگا زنباق ثریا

دوست نے پوچھا کہ جو مصرعہ آپ نے لگایا ہے اس کا مطلب کیا ہے ناطق نے جواب دیا۔ اس کا وہی مطلب ہے جو اس مصرعے کا مطلب ہے جس پر آپ نے گرہ لگانے کو کہا تھا۔ یہی نواب ناطق مرحوم ٹی ہاؤس کے رونق تھے۔ ایک طویل عرصے تک وہ کافی ہاؤس میں بیٹھتے رہے اور اب ایک عرصے سے وہ روزانہ ٹی ہاؤس آتے تھے اور لوگوں کے اندر چھپی ہوئی اداسیوں کو اپنی معصوم باتوں اور لسانی تجربے والے شعروں میں تحلیل کر دیتے تھے جب وہ ہر لحاظ سے تندرست تھے تو سول اینڈ ملٹری گزٹ جیسے وقیع اخبار میں ملازم تھے۔ پاکستان ٹائمز میں بھی انہوں نے خدمات انجام دیں مگر اب ایک طویل عرصے سے وہ بے روزگار تھے اور اپنا زیادہ تر وقت ٹی ہاؤس میں سراج صاحب کی رفاقت میں گزارتے تھے۔ تمام شاعروں ادیبوں کے ساتھ ان کے دوستانہ مراسم تھے اور سبھی ان سے محبت کرتے تھے۔ وہ انتہائی وضعدار شخص تھے۔ غیور تھے اور کم وسائلی کے باوجود احباب پر کبھی بار نہیں تھے وہ شاعری میں ایک منفرد انداز کے حامل تھے اور اس سلسلے میں ان کی شہرت دور دور تک پھیلی ہوئی تھی۔ ان کا ایک شعر ہے۔

کیا کیا کیا نہ کیا کیا کیا نہیں مجھے
معلوم بعد ازاں در میکدہ سے نشی

ایک دوست نے یہ شعر سنا تو اس نے کہا نواب صاحب پہلے مصرعے میں بہت سے ''کیا'' جمع ہو گئے ہیں اور ان میں سے کچھ ''کیا'' ایسے ہیں جن کے نیچے زیر ہیں۔ سننے کو تو ہم نے یہ شعر سن لیا۔ مگر چھپنے کے بعد قاری کو یہ شعر پڑھنے اور سمجھنے میں دشواری پیش آئے گی نواب صاحب نے جواب دیا۔ اے میاں غالب کو بھی تو آخر پڑھتے ہی ہو ناطق کو بھی پڑھو ''اور غالب کے انداز'' میں ان کا ایک شعر یہ بھی ہے

''جام آتش زدہ بن سیلی ہے آب نہیں... آب وتاب اسے بہت بیدا کر تاب سے تاب نہیں''

یونس جاوید نے یہ شعر سن کر اعتراض کیا یہ دوسرا مصرعہ بہت لمبا ہو گیا ہے۔ اس پر نواب نے جواب دیا۔ میں نے لوگوں کو یہ شعر غالب کا شعر کہہ کر سنایا ہے اور انہوں نے سر دھنا ہے تم کہتے ہو دوسرا مصرعہ لمبا ہو گیا ہے؟

لسانی تجربات کے ضمن میں ان کے کچھ مزید اشعار بھی زبان زد خاص و عام ایک مثال ملاحظہ ہو۔

فضولیات زمانہ تیری طرح ہم بھی جو آ سکے نہ خیالوں میں خام لائے ہیں۔

اس میں انہوں نے ''خام خیالی'' میں سے خام کو علیحدہ اور خیال کو علیحدہ کر کے باندھا ہے اسی سٹائل میں ان کے دو شعر اور سن لیجیے:

شوخی پائے حنائے زلف دیکھا چاہیے
ان کو جانا تھا نہ اس جا کو گئیں
رات بھر کیا جاگتی رہتی ہیں وہ
جو بنات النعش گردوں صبح ساقی سو گئیں

اور ان کا ایک مصرعہ بہت ہی مشہور ہے۔

تیرے در پر کھڑا ہے کب سے سنگ آستاں برسوں

یہ وہی مصرعہ ہے جس پر ایک دوست نے اعتراض کیا تھا کہ اس میں ''کب سے'' کہنے کے بعد ''برسوں'' کا لفظ زائد ہو گیا ہے اس پر نواب صاحب ہنسے تھے اور فرمایا تھا۔

برخوردار اس شعر میں ''برسوں'' ردیف ہے اور ردیف تو آئے گی ان نواب ناطق فی البدیہہ شعر کہنے میں بھی ماہر تھے۔ ایک دفعہ ٹی ہاؤس کے بیرے الٰہی بخش نے ان سے درخواست کی کہ ایک فی البدیہہ شعر اسکے بارے میں بھی کہا جائے۔ نواب صاحب نے فرمائش کی تعمیل کی اور یہ شعر کہا:

یا الٰہی بخش دے میرے الٰہی بخش کو
تا قیامت بھول جائے تا پرانے نقش کو


کسی زمانے میں THE PIRATE کے نام سے ایک فلم لگی تھی۔ نواب ناطق یہ فلم دیکھ کر بہت انسپائر ہوئے اور انہوں نے انگریزی میں ایک نظم لکھی جس کا عنوان تھا۔

THE PIRATION OF THE PIRATE

نظم یاد نہیں، نہ اس کا مفہوم یاد ہے۔ بس یہ عنوان یاد رہ گیا ہے اور یہ عنوان کا مطلب بھی ان کی اردو شاعری کے پس منظر میں سمجھا جا سکتا ہے۔ سو یہ ایک معصوم اور لائق محبت شخص سے متعلق یادیں ہیں جو بہت بکھرا ہوا تھا۔ وہ اللہ کو پیارا ہو گیا مگر اپنا نقش ذہنوں پر چھوڑ گیا۔ نواب ناطق سگریٹ کے خالی پیکٹوں پر اپنا کلام لکھتے تھے۔ یہ کلام بھی ان کی شخصیت کی طرح یکجا نہیں ہے۔ مگر ذہنوں میں محفوظ ہیں۔ کسی کی غیبت نہیں کرتے تھے۔ کسی ''گروپ'' کو آگے لانے یا پیچھے گرانے کیلئے سازشوں میں شریک نہیں ہوتے تھے۔ کسی کی نیکی پر خوش نہیں ہوتے تھے اور کسی کو عزت ملنے پر رنجیدہ نظر نہیں آتے تھے۔ حالانکہ ان کا اٹھنا بیٹھنا ٹی ہاؤس کے ادیبوں کے ساتھ تھا۔

پیدا کہاں ہے ایسے پراگندہ طبع لوگ

دُہائی .... انور شعور




دو، قوانین و قواعد کی دُہائی
ہو رہی ہے کیسی کیسی واردات
دیگر اقدامات کا کیا تذکرہ
قتل کرنا آجکل ہے عام بات

ایران اور پڑوسی ممالک پر ممکنہ تابکاری اثرات




آب و ہوا
☆☆☆
ڈاکٹر حبیب الحق
رندھاوا

''تنہائی میں یہ خاموش کاغذ میرے ندیم ہیں''




سعدیہ قریشی
☆☆☆

بحران سے استحکام تک




یاران وطن
☆☆☆
محمد عرفان صدیقی
siddiqui.irfan@janggroup.com.pk

بجلی کے بلوں کا اضافی بوجھ



خلیل احمد نینی تال والا
Khalil.ahmed@janggroup.com.pk

نوخیزیاں



گل نوخیز اختر

کھویا ہوا گورنمنٹ کالج مل گیا



حرف آغاز
واصف ناگی
wasifnagi@janggroup.com.pk


(گزشتہ سے پیوستہ)

وہ ایک شہر کہ جہاں کبھی...!



نظرنامہ
نعیم مسعود

نون لیگ اور جے یو آئی میں سیاسی تنازع




مارگلہ
نواز رضا

ڈیموکریٹس کی حیران کن جیت



احمد وقاص ریاض

لچ پال پتر؟




اجتہاد
پیر محمد ضیاء الحق نقشبندی
m.ziaulhaq@janggroup.com.pk

اختیار نیچے آئے، ملک اوپر اٹھے



ناصر سلمان

ایوان اقتدار میں لفظوں کی جنگ



محمد احتشام

صدر مملکت کی وفاقیت و پاکستانیت



شہادت
راجہ شاہد رشید

ہاٹ فیورٹ چیف سیکریٹری!



افسر شاہی
آصف محمود بٹ

متفرق

PAA پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی

تصحیح | پیشکش کی طلبی

تمام متعلقہ افراد کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ذیل میں درج کیس کے لیے بولی جمع کرانے اور بولیاں کھولنے کی تاریخ میں ترمیم کر دی گئی ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

S.#.	EPADS No.	Description & Bid No.	Bid Submission Date/Time	Bid Opening Date/Time/Place
01	P-66785	Procurement of Cargo Vehicle Scanner for JIAP Karachi **I/T No. HQPAA/1992/372/XXLN**	10-12-2026 1100 Hrs	10-12-2026 1130 Hrs Log. Center (S) (Log. ANS Branch)

دیگر تمام شرائط و ضوابط بدستور برقرار رہیں گی۔ یہ تصحیح PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk، www.pa.epads.gov.pk اور PAA کی ویب سائٹ www.paa.gov.pk پر بھی دستیاب ہے۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر لاجسٹکس (ANS)، ہیڈکوارٹرز پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی
ٹیلی فون: 021-9907-2265، فیکس نمبر: 021-9924-2675

www.paa.gov.pk

PID K-1535/26

نیلام عام

روبرو: محترمہ نوشابہ قاضی (جج صاحب)

بینکنگ کورٹ-III بمقام کراچی بلاک-50 پاک سیکریٹریٹ صدر، کراچی

مقدمہ نمبر 186 بابت 2008ء میں ایگزیکیوشن نمبر 103 بابت 2009ء

نیشنل بینک آف پاکستان B.I.S.E. برانچ کراچی ۔۔۔ ڈگری ہولڈر ۔۔۔ بخلاف ۔۔۔ محمد سعید احمد صدیقی ولد محمد زبیر احمد صدیقی مکان نمبر R-486 سیکٹر 15-A/11 بفرزون کراچی اور دکان نمبر C-26 گراؤنڈ فلور بلاک B اکرم اسکوائر بلاک B نارتھ ناظم آباد کراچی ۔۔۔ ججمنٹ ڈیٹر

اس بذریعہ اعلان عام دی جاتی ہے کہ -/454,330 روپے کی ڈگری رقم مع واجبات کی ادائیگی کی تاریخ سے ڈگری رقم کی وصولیابی تک نیشنل بینک آف پاکستان کی جانب سے اعلان کردہ مروجہ شرح میں حساب کی گئی لاگت کی رقم کی وصولیابی کے لیے یہاں ذیل میں شیڈول میں مذکور رہن شدہ موجود جائیداد کی فروخت کے لیے بینکنگ کورٹ III کراچی کی جانب سے آرڈر 21 رول 64 سی پی سی 1908ء کے تحت ایک آرڈر منظور کیا گیا ہے۔ دستخط کنندہ ذیل ججمنٹ ڈیٹر کی منقولہ غیر منقولہ املاک کو بذریعہ نیلام عام مورخہ 10-12-2026 کو بوقت سہ پہر 1:00 بجے بینکنگ کورٹ III کراچی میں فروخت کریں گے۔

رہن شدہ غیر منقولہ املاک کا شیڈول

دکان نمبر C-26 گراؤنڈ فلور بلاک B اکرم اسکوائر پورشن F بنایا گیا پلاٹ نمبر 131، پلاٹ نمبر 262، بلاک B نارتھ ناظم آباد کراچی (پیمائش 33.7 مربع گز)

مندرجہ ذیل شرائط و ضوابط سے مشروط: (1) املاک کا نیلام عدالت کی بہتر سمجھ میں "جیسا ہے جہاں ہے بنیاد" پر ہوگا۔ (2) مارکیٹ ویلیو -/165,000 روپے اور فورسڈ سیل ویلیو -/132,000 روپے مقرر ہے۔ (3) سب سے زیادہ بولی دہندہ کو خریدار قرار دیا جائے گا، بولی کی رقم کا 25% پے آرڈر بنام جج بینکنگ کورٹ نمبر III کراچی مع خریدار کے CNIC کی کاپی اس عدالت کے ناظر کے پاس فوری جمع کرائی جائے گی۔ (4) بولی کی بقایا رقم نیلام کی تاریخ سے 15 یوم کے اندر جمع کرائی جائے گی [illegible] (5) [illegible] (6) [illegible] (7) [illegible] آج 07 نومبر 2026

مہر عدالت ۔۔۔ حسب الحکم ۔۔۔ دستخط ۔۔۔ (محمد حسن) ۔۔۔ **ناظر**... بینکنگ کورٹ-III، کراچی

روبرو: جناب محمد احسان خان درانی (جج صاحب)

بینکنگ کورٹ-IV، بمقام کراچی

بلاک A-48، پاکستان سیکریٹریٹ، صدر کراچی

مقدمہ نمبر 184 بابت 2026

یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ حال اس کا رجسٹرڈ ہیڈ آفس واقع UBL ٹاور آئی آئی چندریگر روڈ کراچی بذریعہ اس کے اٹارنیز ۔۔۔ مدعی ۔۔۔ بخلاف ۔۔۔ سید حمزہ شاہنواز ولد شاہنواز حسین مکان نمبر A-56 سیکٹر B سادات امروہہ سوسائٹی اسکیم نمبر 33 گلزار ہجری کراچی اور مستقل پتہ مکان نمبر A/3027 شاہ فیصل کالونی ڈسٹرکٹ کورنگی کراچی۔ کاروبار کا پتہ EVERY THINK شاپ نمبر 2، پلاٹ نمبر 333-C، پی ای سی ایچ ایس کراچی طارق روڈ کراچی۔ CNIC نمبر 42201-3210688-7 ۔۔۔ مدعا علیہ

بنام مندرجہ بالا مدعا علیہ

ہرگاہ مندرجہ بالا مدعی نے 2,680,574.51 روپے مع قانونی لاگت کی وصولیابی کے لیے فنانشل انسٹی ٹیوشنز (ریکوری آف فنانسز) آرڈیننس 2001 (XLVI بابت 2001) کی دفعہ 9 (1) کے تحت آپ کے خلاف ایک مقدمہ دائر کیا ہے بذریعہ آپ کو مقدمہ کا دفاع کرنے کے لیے نوٹس ہذا کی تعمیل کی تاریخ سے 30 دنوں کے اندر عدالت سے اجازت حاصل کرنے کے لیے طلب کیا جاتا ہے جس میں ناکامی پر یہ سمجھا جائے گا کہ استغاثہ کے الزامات حقیقت پر مبنی اور تسلیم شدہ ہیں اور عدالت ہذا اس بنیاد پر مدعی کے حق میں ڈگری منظور کر سکتی ہے۔ عدالت میں پیش ہونے کی اجازت تحریری بیان کی شکل میں ایک درخواست پر حاصل کی جا سکتی ہے جو قانون کے متعلق سوالات کی سرسری تحریر حقائق جو ثبوت کے لیے قلمبند کیے جانے ضروری ہیں پر مشتمل ہوں 04 دسمبر 2026 کو صبح 8:30 بجے تک قابل داخلی رجسٹرار بینکنگ کورٹ IV بمقام کراچی۔

آج 06 نومبر 2026 کو میرے دستخط اور عدالت کی مہر کے ساتھ جاری کیا گیا۔

مہر عدالت ۔۔۔ حسب الحکم ۔۔۔ دستخط ۔۔۔ **ریڈر**... بینکنگ کورٹ-IV، کراچی

کیڈٹ کالج جہلم

داخلہ نوٹس

برائے جماعت 7th/8th — انٹری 2027

کیڈٹ کالج جہلم میں جماعت 7th/8th میں داخلے کے لیے درخواستیں جمع کی جا رہی ہیں۔
درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ مورخہ **31 دسمبر 2026** ہے۔

درخواست کا طریقہ کار: درخواست فارم کے حصول کے لیے کالج کی ویب سائٹ www.ccj.edu.pk پر جائیں اور ویب سائٹ پر دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اپلائی کریں۔
نوٹ: رجسٹریشن/داخلہ ٹیسٹ فیس بمعہ کالج پراسپیکٹس، سلیبس اور ماڈل پرچہ جات = 3000 روپے

اہلیت

(الف) تعلیمی معیار: ساتویں جماعت: چھٹی جماعت پاس یا چھٹی جماعت کے سالانہ امتحان میں شامل ہو رہے ہوں اپلائی کر سکتے ہیں۔
آٹھویں جماعت: ساتویں جماعت پاس یا ساتویں جماعت کے سالانہ امتحان میں شامل ہو رہے ہوں اپلائی کر سکتے ہیں۔

ب۔ عمر کی حد: ساتویں جماعت: یکم اپریل 2027 کو عمر 11 تا 13 سال ہونی چاہیے۔
آٹھویں جماعت: یکم اپریل 2027 کو عمر 12 تا 14½ سال ہونی چاہیے۔

انتخاب کا طریقہ کار

1- داخلہ اوپن میرٹ پر دیا جائے گا۔
2۔ امیدواروں کا انتخاب تحریری ٹیسٹ، ذہانت ٹیسٹ، انٹرویو اور میڈیکل کے بعد کیا جائے گا۔
3۔ تحریری امتحان کے لیے مضامین: تحریری امتحان دیے گئے سلیبس کے مطابق انگلش / جنرل سائنس / ریاضی / اردو کے مضامین سے ہوگا۔
تحریری امتحان مورخہ **17 جنوری 2027** (بروز اتوار) کو درج ذیل امتحانی مراکز پر منعقد کیا جائے گا۔

امتحانی مراکز: پشاور، راولپنڈی، گوجرانوالہ، جہلم، فیصل آباد، کوئٹہ، کراچی، بہاولپور، ملتان، مظفرآباد، سیالکوٹ، لاہور۔

کیڈٹ کالج جہلم پیرشہاب، مین جی ٹی روڈ، جہلم
آفیسر انچارج ایڈمیشن: 03-111-123-225
website: www.ccj.edu.pk

نومبر | 2026

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ٹورازم اینڈ ہوٹل مینجمنٹ (پیتھم)

اسکالرشپ پروگرام

آپ کا ٹیلنٹ | ہماری معاونت | روشن مستقبل



پیتھم کی جانب سے مستحق طلبہ کے لیے اسکالرشپ کا اعلان!

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ٹورازم اینڈ ہوٹل مینجمنٹ (پیتھم)، جو کہ کلچر، ٹورازم، آثار قدیمہ و آرکائیوز ڈیپارٹمنٹ، حکومت سندھ کے تحت ہے، مستحق طلبہ کے لیے اسکالرشپ کے مواقع فراہم کر رہا ہے۔
اس پروگرام کا مقصد باصلاحیت طلبہ کے لیے معیاری مہمان نوازی کی تعلیم تک رسائی کو آسان بنانا ہے۔

دستیاب کورسز
1. ایڈوانسڈ فوڈ پروڈکشن (کلینری آرٹس)
2. ڈپلومہ ان ہوٹل مینجمنٹ

اس پروگرام کے لیے اہلیت کا معیار
- درخواست گزار پاکستانی شہری ہو۔
- شرکت کنندہ ادارے میں متعین ڈسپلن میں داخلہ حاصل کریں اور ڈپلومہ پروگرام میں داخلہ لے سکیں۔
- امیدوار کی مالی ضرورت کا تعلق اس کے خاندان کی مالی حیثیت سے ہونا ضروری ہے۔
- موجودہ تعلیمی سال میں کسی اور تعلیمی اسکالرشپ سے فائدہ نہ اٹھا رہا ہو۔

درخواست کے لیے مطلوبہ دستاویزات
1. CNIC
2. B فارم
3. FRC
4. پاسپورٹ سائز تصاویر (4 عدد)
5. تعلیمی اسناد
6. ڈومیسائل

8 نومبر تا 16 نومبر 2026 اسکالرشپ کے لیے درخواست کا عمل جاری ہے!

PEEF تعلیم میں سرمایہ کاری روشن مستقبل کے لیے | پیتھم کی کیمپس: ST-16 بلاک 4 شاہراہ عطار، بلاک 4 کلفٹن، کراچی | ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں: www.pithm.edu.pk | رابطہ کریں: 021-99332084-86، موبائل: +92 343 3881634

JOB PORTAL BY INFORMATION DEPARTMENT | WORK FOR SINDH | INF/KRY/5009/2026

AIR UNIVERSITY

Taking Academic Excellence to *New Heights*

HEC Recognized, TOP RANKED University

Admission Open SPRING 2027

KAMRA CAMPUS
https://aack.au.edu.pk/



UNDERGRADUATE PROGRAMS
- BBA (Hons)
- Aviation Management
- Financial Technologies
- Business Information & Technology

MS PROGRAMS
- Aerospace Engineering
- Avionics Engineering
- Computer Science
- Electrical Engineering
- Mechanical Engineering

PhD PROGRAMS
- Electrical Engineering
- Computer Science
- Mechanical engineering

KHARIAN CAMPUS
https://kc.au.edu.pk/



UNDERGRADUATE PROGRAMS
- BBA (Hons)
- BS Aviation Management
- BS Accounting & Finance
- BS Software Engineering
- BS Data Science
- BS Business & Information Technology
- BS Psychology

MS PROGRAMS
- Computer Science (Weekend)
- Management Sciences (Weekend) (1.5 years)

BAHU CAMPUS SHORKOT
https://bahu.au.edu.pk/



UNDERGRADUATE PROGRAMS
- BBA (Hons)
- BS Aviation Management

MULTAN CAMPUS
https://aumc.edu.pk/



UNDERGRADUATE PROGRAMS
- Accounting and Finance
- Business & Information Technology
- Computational Mathematics with Data Analytics.

MBA/MS PROGRAMS
- Computer Science
- Mathematics
- Artificial Intelligence

PhD PROGRAMS
- Computer Science

KARACHI CAMPUS
https://khi.au.edu.pk/



UNDERGRADUATE PROGRAMS
- BBA(Hons)
- BS Accounting & Finance
- BS Aviation Management
- BS Financial Technologies
- BS Psychology
- BS Cyber Forensics
- BS Cyber Psychology
- BS International Relations
- BS Statistics & Data Analytical Sciences

Air University Int'l Ranking
TIMES HIGHER EDUCATION WORLD UNIVERSITY RANKINGS 2
QS Sustainability Ranking 18
Impact Ranking 20

Application processing facility available for visiting candidates at all Campuses
Admission Eligibility Criteria available at: www.au.edu.pk

Upto 100 % Need & Merit-based SCHOLARSHIPS

How to Apply?
Please visit: **portals.au.edu.pk/admissions** to fill online admission form.
Processing fee: **Rs. 2,500/-** payable at any branch as per following details:
Karachi Campus: Bank Al Habib
Aerospace & Aviation Campus Kamra: MCB
Multan Campus: Bank Al-Falah
Kharian Campus: Bank Al-Habib
Bahu Campus : Bank Al-Falah

Applications Submission Deadline
15 12 2026

SALIENT FEATURES
- State of the art smart class rooms.
- Highly qualified full time faculty.
- State of the art research laboratories.
- Round the clock WiFi facility.
- Full time access to digital library.
- Air conditioned class rooms.
- Periodic Conferences and Seminars.
- Excellent Academia-Industry Linkages.
- Purpose built campus at Multan & Kamra (Attock) with hostel and transport facilities.
- Female hostel facility available at H-11 Campus
- Transport facility available at Kharian and Bahu Campus

NOTE
- The University reserves the right to drop any program, if number of candidates is less than the required number to offer a program.
- Equivalence Certificate of O-Level, A-Level & Foreign degree holder is mandatory from IBCC / HEC for admission to all programs.

All programs accredited by
NCEAC

BSAF: ACCA Accredited Program
Students can avail 9 courses exemption on completion of degree from Air University.

AU Sub campuses deadline may slightly vary. For detailed schedule please visit the relevant campus website.

For Kamra Campus: 057-9153254 057-9153255 WhatsApp: 0317-8855009 Email: admission@aack.au.edu.pk
For Kharian Campus: 053-7388704 WhatsApp: 0326-8210116 Email: admissions@kc.au.edu.pk
For Multan Campus: 061-4508520 WhatsApp: 0336-7943075 Email: admissions@aumc.edu.pk
For Karachi Campus: 021-36496800. WhatsApp: 0313-1375020. Email: admissions@khi.au.edu.pk
For Bahu Campus: 0475500088 Ext: 211 Email: admissions@sk.au.edu.pk

1 بقیہ غزہ میں بارشیں

پر مجبور، متاثرہ عمارتیں شدید بارشوں کے باعث مزید خطرناک ہوگئیں۔ بے گھر فلسطینیوں کے خیمے پانی میں ڈوب گئے، بچے اور بوڑھے متاثر، 9 لاکھ 50 ہزار بے گھر افراد سیلاب خطرے سے دوچار ہیں۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق غزہ میں شدید بارشوں اور طوفانی ہواؤں نے بے گھر فلسطینیوں کی مشکلات بڑھادی ہیں، کئی پناہ گزین کیمپوں میں خیمے پانی سے بھر گئے جبکہ اسرائیلی بمباری سے پہلے ہی متاثرہ عمارتوں کے گرنے کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔ شمالی غزہ کے المینا کیمپ میں بارش کا پانی خیموں میں داخل ہونے سے خاندانوں کا استر، کمبل اور کپڑے بھیگ گئے اور بچے سردی سے کانپتے رہے۔

2 بقیہ کپاس کی آمد

تک پہنچ گئی ہے۔ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن (پی سی جی اے) کی 31 اکتوبر 2026 تک کی رپورٹ کے مطابق ملک بھر کی جننگ فیکٹریوں میں کپاس کی مجموعی آمد 47 لاکھ 42 ہزار 630 گانٹھیں ریکارڈ کی گئی، جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں 44 لاکھ 73 ہزار 256 گانٹھیں موصول ہوئی تھیں۔ اس طرح رواں سیزن میں 3 لاکھ 5 ہزار 374 گانٹھوں کا اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں کپاس کی آمد 19 لاکھ 98 ہزار 944 گانٹھیں رہی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 4.71 فیصد زیادہ ہے۔ سندھ اور بلوچستان سے مجموعی طور پر 27 لاکھ 43 ہزار 686 گانٹھیں موصول ہوئیں، جن میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 8.52 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

3 بقیہ فائرنگ، پانچ افراد ہلاک

حملہ آور کو گرفتار کرلیا گیا ہے، زخمی اہلکاروں میں سے ایک کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ پولیس نے سوشل میڈیا سائٹ (ایکس) پر جاری بیان میں بتایا کہ حملہ آور کو پولیس اہلکاروں نے گولی مار کر زخمی کر دیا جسے بعدازاں گرفتار کرلیا گیا ہے۔

4 بقیہ انتخابات شکست

اشارہ ملر نے روز 3 ہزار تارکین وطن گرفتاریوں کا ہدف مقرر کیا تھا، ایران پر حملوں، ناکہ بندی و پابندیوں کے حامی، ڈیموکریٹس نے ٹرمپ کی امیگریشن پالیسیوں اور انتظامیہ اقدامات کی تحقیقات کا اعلان کردیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات میں ری پبلکن پارٹی کی شکست کے بعد اپنے دیرینہ مشیر اسٹیفن ملر کو وائٹ ہاؤس کا نیا چیف آف اسٹاف مقرر کردیا ہے۔

5 بقیہ ٹرمپ

چیل بھی موجود، وشال گوئل نے ٹرمپ کو ہنومان چالیسا کا نسخہ پیش کیا، تقریب میں بھارت امریکا دوستی کے لیے خصوصی دعا کرائی گئی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جمعے کے روز واشنگٹن میں وائٹ ہاؤس کے اوول آفس میں دیا (چراغ) روشن کیا اور بھارتی نژاد امریکی عہدیداروں، بڑی کمپنیوں کے سربراہوں اور کاروباری شخصیات کے اعزاز میں دیوالی کی تقریب کی میزبانی کی۔

6 بقیہ تعمیراتی کام جاری

تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے جس کے سامنے صنعتی و مقامی انتظامیہ بھی بے بس ہوگئی۔ زرائع کے مطابق اس زمین کے نیچے سے کراچی کو پانی فراہم کرنے والی 8 لائنیں گذر رہی ہیں اور کسی بھی تعمیرات سے ان لائنوں کو نقصان پہنچنے اور کراچی کو پانی کی سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن نے 1956 میں چلیا تا گھارہ 7 ہزار ایکڑ اراضی محکمہ ریونیو سے قانونی طریقے سے حاصل کر کے گھارہ گولائی میں 127 ایکڑ اراضی پر کراچی کو پانی فراہم کرنے کیلئے زیر زمین 72 انچ قطر کی 8 لائنیں بچھائی تھیں جس پر بااثر نجی بلڈرز کی جانب سے طویل عرصے سے قبضے کی کوشش کی جارہی ہے، کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کی جانب سندھ ہائی کورٹ میں درخواست دی گئی اور تمام صورتحال سے آگاہ کیا گیا سندھ ہائی کورٹ نے معاملے کی نگینی کو دیکھتے ہوئے فوری حکم امتناع جاری کردیا جس کے بعد تعمیراتی کام بند کرادیا گیا مگر چند روز کے بعد دوبارہ اس جگہ تعمیراتی کام شروع کردیا گیا ہے، زرائع کے مطابق مذکورہ اراضی قومی شاہراہ پر واقع ہونے کے باعث اس کی قیمت اربوں روپے میں چلی گئی ہے۔

7 بقیہ وینس

مشکل کے انتخابی نقصانات میں ٹرمپ کی گرتی ہوئی مقبولیت ریپبلکن امیدواروں کے لیے بوجھ بنی۔ تفصیلات کے مطابق ریپبلکنز کی وسط مدتی انتخابات میں خراب ہوتی ہوئی سیاسی پوزیشن کو بچانے کی اپنی آخری کوششوں کے دوران، نائب صدر جے ڈی وینس نے اپنی حکمت عملی تبدیل کرلی۔ انہوں نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بارے میں کم بات کرنا شروع کر دی اور ان مسائل پر زیادہ توجہ دی جو ان کی اپنی سیاسی شناخت اور نظریات کی عکاسی کرتے ہیں۔

8 بقیہ لبرٹی

کی سالانہ انسپکشن کو صنعتی شعبے پر ایک نیا بوجھ قرار دیتے ہوئے الیکٹرک انسپکٹریٹ کی جانب سے بھیجے نوٹسز واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ سندھ حکومت کے انرجی ڈپارٹمنٹ کی جانب سے نجی شعبے کی تمام عمارتوں میں بجلی کی تنصیبات کی سالانہ انسپکشن کے نوٹسز جاری کرنے پر فیڈرل بی ایریا ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے صدر سید رضا حسین نے کہا کہ صنعتی شعبہ الیکٹرک انسپکٹریٹ کے صنعتی یونٹوں کی سالانہ انسپکشن کے فیصلے کو مسترد کرتا ہے کیونکہ یہ صنعتوں کی انسپکشن کا فیصلہ صنعتی سرگرمیوں میں مداخلت کے مترادف ہے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ صنعتی شعبے کو الیکٹرک انسپکٹریٹ کے فیصلے سے مستثنیٰ قرار دیا جائے اور بجلی کی تنصیبات کی انسپکشن کا دائرہ کار صرف کمرشل عمارتوں تک محدود رکھا جائے۔

9 بقیہ سیاسی تبدیلی/نئے ضابطے متعارف

سیاسی تبدیلی کے اثرات فوری طور پر سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں اور ٹیکساس میں تارکین وطن کی سہولت کیلئے نئے ضابطے متعارف کروائے گئے ہیں۔ میئر اور پولیس چیف نے اس حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ نئی ہدایات کے مطابق معمول کے سول امیگریشن وارنٹ کی بنیاد پر پولیس ICE سے خودکار رابطہ نہیں کرے گی۔ تفصیلات کے مطابق امریکا میں وسط مدتی انتخابات کے بعد ٹیکساس میں سیاسی تبدیلی کے اثرات فوری طور پر سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں اور امریکہ کے چوتھے بڑے شہر ہیوسٹن کے میئر جان وائٹمائر نے وفاقی امیگریشن اور امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (ICE) کے ساتھ مقامی پولیس کا تعاون محدود کرنے کے لیے ایگزیکٹو آرڈر جاری کردیا ہے۔ نئے حکم نامے کے تحت معمولی ٹریفک خلاف ورزیوں اور ایسے غیر سنگین جرائم میں، جن میں قید کی سزا نہیں ہوتی، ہیوسٹن پولیس معمول کے مطابق وفاقی امیگریشن حکام سے رابطہ نہیں کرے گی۔ کسی شخص کی مشتبہ یا حقیقی امیگریشن حیثیت بذات خود ICE سے رابطہ کرنے، حراست طویل کرنے یا پولیس تحویل میں رکھنے کی بنیاد نہیں بنے گا۔

10 بقیہ سپریم کورٹ

(پی ایم ایس) افسران کی سنیارٹی پبلک سروس کمیشن کی سفارش کی تاریخ کے بجائے مسلسل باقاعدہ تقرری کی تاریخ سے طے ہوگی، محض کمیشن کی جانب سے پہلے سفارش کیے جانے سے سنیارٹی کا حق حاصل نہیں ہوتا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل سپریم کورٹ کے دو رکنی بینچ نے پی ایم ایس افسران کی سنیارٹی سے متعلق 31 درخواستوں پر فیصلہ جاری کرتے ہوئے خیبر پختونخوا سروس ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھا اور درخواستیں مسترد کردیں۔ ہفتہ کو جاری تفصیلی تحریری فیصلہ میں عدالت نے قرار دیا کہ خیبر پختونخوا سول سرونٹس (اپائنٹمنٹ، پروموشن اینڈ ٹرانسفر) رولز 1989 کے رول 17 (بی) کے تحت دیگر طریقوں سے بھرتی ہونے والے سرکاری ملازمین کی سنیارٹی مسلسل باقاعدہ تقرری کی تاریخ سے متعین ہوگی، پبلک سروس کمیشن کی سفارش بذات خود تقرری نہیں ہے۔ فیصلے کے مطابق درخواست گزاروں کو پبلک سروس کمیشن نے 28 مارچ 2022 کو پی ایم ایس افسران کے طور پر سفارش کیا تھا تاہم ان کی تقرری کے نوٹیفکیشن 27 اپریل 2022 کو جاری ہوئے۔

11 بقیہ بوگیاں پٹری سے اتر گئیں

کینٹ اسٹیشن کے قریب پٹری سے اتر گئیں۔ ریلوے حکام کے مطابق حادثے کے بعد اپ اینڈ ڈاؤن ٹریک کو بند کردیا گیا ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق ٹریک کو بحال کرنے کا کام شروع کردیا گیا ہے۔

12 بقیہ فرانس میں احتجاجی تحریک

پالیسیوں کے خلاف احتجاجی تحریک نے گزشتہ روز نیا رخ اختیار کرلیا، پیلی جیکٹ تحریک نے مزدور تنظیموں سے الگ ہوکر دارالحکومت میں احتجاج کیا۔ پیرس سمیت مختلف شہروں میں طلبہ، مزدور تنظیموں اور سماجی کارکنوں نے احتجاجی سرگرمیاں جاری رکھیں، حکومت نے ممکنہ بدامنی کے پیش نظر سکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کر رکھے ہیں، احتجاجی تحریک کے آئندہ مرحلے کے حوالے سے پیر 9 نومبر کو اہم پیش رفت متوقع ہے، وزیراعظم سباستیاں لکورنو نے مزدور تنظیموں اور کاروباری شعبے کے نمائندوں کو ماتینیاں میں سماجی مذاکرات کیلئے طلب کیا ہے، حکومت کی جانب سے طلبہ اور ہائی اسکولوں کی نمائندہ تنظیموں سے بھی ابتدائی بات چیت کی جائے گی۔

13 بقیہ ویزا فراڈ

ویزا فراڈ میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم وجاہت حیدر پر مبینہ طور پر پولینڈ کا ورک ویزا دلوانے کے بہانے شہری سے 12 لاکھ 2 ہزار روپے وصول کرنے اور فراڈ کرنے کا الزام ہے۔ ملزم سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے کی جزوی ریکوری کرلی گئی ہے جبکہ بقیہ رقم 10 لاکھ 87 ہزار روپے کی ریکوری کے لیے مزید تفتیش جاری ہے۔ مقدمے میں ملوث دیگر افراد کے کردار کا تعین دوران تفتیش کیا جائے گا۔

14 بقیہ مہرگڑھ تاریخی منصوبہ

میں شرکت، بلوچستان میں پہلے 'اے ایف سی پی' پروجیکٹ کی کامیابی، امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر اور نواب زادہ زرین مگسی نے مہر گڑھ ثقافت گھر کی یادگاری تختی کی نقاب کشائی کی۔ تقریب میں امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے بلوچستان کے پارلیمانی سیکرٹری نواب زادہ میر محمد زرین خان مگسی اور سندھ ایکسپلوریشن اینڈ ایڈوانچر سوسائٹی (میز) کی قیادت کے ساتھ مہر گڑھ ثقافت گھر بلوچستان کے لیے امریکن ایمبیسیڈرز فنڈ فار کلچرل پریزرویشن (اے ایف سی پی) پروجیکٹ کی کامیاب تکمیل پر منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔

15 بقیہ گلشن جمال

کے لئے پانی کی فراہمی فوری طور پر بحال کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ کنٹونمنٹ بورڈ فیصل شہریوں کی شکایت کا ازالہ کرتے ہوئے بلاتاخیر پانی کی فراہمی یقینی بنائے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ پانی زندگی کی بنیادی ضرورت اور ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ قبل ازیں درخواست گزار نعیم اختر نے عدالت کو بتایا کہ علاقے میں پانی نہ آنے کی وجہ سے رہائشی ٹینکر سروس کو ہر ماہ ہزاروں روپے دے کر پانی خریدنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ گلشن جمال کے رہائشی باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرتے ہیں اور اس کے باوجود انہیں پانی نہیں ملتا۔ علاقہ مکین کئی سالوں سے پانی نہ آنے کی وجہ سے شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔

16 بقیہ کے پی/فیس لیس عدالتیں

آسامیاں پر کرنے، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی استعداد 12 فیصد سے بڑھا کر 37 فیصد اور پولیس کی مجموعی استعداد 75 فیصد تک لے جانے کا منصوبہ تیار کرلیا گیا ہے، دہشت گردوں کے ٹرائل کیلئے فیس لیس انسداد دہشت گردی عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، مجوزہ نظام کے تحت دہشت گردی کے مقدمات کی سماعت کے دوران ججوں، گواہوں، پولیس اہلکاروں اور دیگر متعلقہ افراد کی شناخت خفیہ رکھی جائے گی تاکہ انہیں دہشت گرد گروہوں یا ان کے نیٹ ورک کی جانب سے ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جاسکے۔ اس مقصد کیلئے قانون سازی کی جارہی ہے، تاہم مجوزہ عدالتی نظام میں متعلقہ فریق کو فیصلے کیخلاف ہائی کورٹ میں اپیل کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ یہ بات محکمہ داخلہ خیبرپختونخوا کی جانب سے بریفنگ میں بتایا گیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دہشت گردوں کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کی جائیگی، جے یو آئی نے مدارس یا ان کے طلبہ کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی کوشش کی تو کارروائی ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ داخلہ خیبرپختونخوا کی جانب سے صوبے میں امن و امان کی صورتحال، دہشت گردی کے خطرات، پولیس کی موجودہ استعداد اور سیکیورٹی اداروں کو درپیش مشکلات اور مستقبل کی حکمت عملی کے حوالے سے دی جانے والی ایک اہم بریفنگ دی گئی۔ جس میں گورنر خیبرپختونخوا، ایڈوائزرز، چیف سیکرٹری، تمام محکموں کے سیکرٹریز اور پولیس کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ بریفنگ میں پولیس کو درپیش مالی اور انتظامی مشکلات، خالی آسامیوں، جدید آلات کی کمی، سی ٹی ڈی کی استعداد اور سیکورٹی اداروں کو درکار وسائل پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ سیکرٹری داخلہ احمد علی خان نے بتایا کہ دہشت گردوں کے ٹرائل کیلئے فیس لیس انسداد دہشت گردی عدالتیں قائم کرنے، متعدد شہروں کو سیف سٹی میں تبدیل کرنے، 10 اضلاع میں خصوصی سیکٹرز کے قیام اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز تیز کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔

17 بقیہ تھرپارکر آفت زدہ قرار دینے کا فیصلہ

آبادی کیلئے پینے کے پانی اور اشیائے ضرورت کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ یہ ہدایات انہوں نے بروز ہفتہ وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ ایک اجلاس کی صدارت کرتے دیں۔ اجلاس میں تھرپارکر کی تمام سات تعلقوں میں قحط جیسی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ کا جائزہ لیا۔ بریفنگ میں انکشاف ہوا کہ تھرپارکر کے ساتوں تعلقے خشک سالی جیسی صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں، جہاں تقریباً 85 سے 90 فیصد کاشت شدہ فصلیں تباہ ہو چکی ہیں یا پھر ناقابل پیداوار ہوگئی ہیں۔ محکمہ زراعت نے فصلوں کے نقصانات کا تخمینہ تقریباً 90 فیصد لگایا ہے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنروں اور مختار کاروں کی جانب سے موصول رپورٹس میں تصدیق کی گئی ہے کہ صرف 10 سے 15 فیصد فصلیں ہی بچ پائی ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ اس صورتحال میں حکومت کی جانب سے فوری مداخلت کی ضرورت ہے، خاص طور پر مویشیوں کے تحفظ کے لئے، جو اس ریگستانی علاقے کے لوگوں کی آمدنی اور ذریعہ معاش کا ایک بڑا ذریعہ ہیں۔ سید مراد علی شاہ نے چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ کو فوری کارروائی کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے حکم دیا کہ تمام غیر فعال ریورس اوسموسس (آر او) پلانٹس کی ترجیحی بنیادوں پر مرمت اور بحالی کی جائے۔

18 بقیہ بجلی کی اضافی کھپت/ریلیف کم

کرنے کا فیصلہ کرلیا، نیپرا نے اضافی بجلی کھپت کے نرخ 2 روپے 32 پیسے اضافے کے ساتھ بڑھا کر 25 روپے 30 پیسے فی یونٹ مقرر کرنے کی منظوری دے دی، فیصلہ چیئرمین نیپرا کے کاسٹنگ ووٹ سے ہوا، 2 اراکین نے اختلافی نوٹ لکھا، نیپرا نے فیصلہ وفاقی حکومت کو بھجوا دیا جس کے مطابق نیپرا نے اضافی کھپت پر فی یونٹ ریلیف 2 روپے 32 پیسے تک کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی حکومت صنعتی اور زرعی صارفین کو فی یونٹ 11 سے 15 روپے تک ریلیف دے رہی ہے اور یہ ریلیف بجلی کی اضافی کھپت پر دیا جاتا ہے۔

19 بقیہ گیس، بجلی/نیا طریقہ کار تیار

سبسڈی دینے کیلئے پاور ڈویژن اور وزارت پیٹرولیم نے نئی اکنامک سوشل رجسٹری تیار کرلی، سبسڈی کا نئے نظام پر عملدرآمد کا فیصلہ اسحاق ڈار کی سربراہی میں قائم اسٹیئرنگ کمیٹی کرے گی، نئے سبسڈی نظام پر عملدرآمد سے پہلے ٹیسٹ رن کیا جائیگا۔ آئی ایم ایف نے بجلی صارفین کیلئے یکم جنوری جبکہ گیس صارفین کیلئے فروری 2027 سے یہ نظام نافذ کرنے کی شرط رکھی ہے تاہم حکومت موجودہ سبسڈی کا طریقہ کار 30 جون 2027 تک برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی ہدایت پر ریلیف مزید 6 ماہ جاری رکھنے کا معاملہ آئی ایم ایف کے سامنے اٹھایا جائے گا، حکومت 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے صارفین کو سبسڈی میں 6 ماہ توسیع دینے کیلئے کوشاں ہے۔

20 بقیہ ایل پی جی/شفاف نیلامی

فیصد پیداوار سرکاری مارکیٹنگ کمپنیوں کے لیے مختص کی جائے گی تاکہ دور دراز علاقوں کی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ایل پی جی کی دستیابی اور غیر منصفانہ قیمتوں سے متعلق عوامی تحفظات دور کرنا حکومت کی ترجیح ہے، نیلامی کا نیا نظام ایل پی جی کی منصفانہ تقسیم، سپلائی چین کے استحکام اور توانائی کے تحفظ میں معاون ثابت ہوگا۔ اس سلسلے میں ایل پی جی کی شفاف نیلامی کے لیے قائم کمیٹی کا پہلا اجلاس سیکرٹری پیٹرولیم کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ نیلامی میں ہر کمپنی کو مجموعی زیادہ سے زیادہ 20 میٹرک ٹن ایل پی جی حاصل کرنے کی اجازت ہوگی جبکہ تمام اہل کمپنیوں کو مساوی مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

21 بقیہ ترکیہ سفیر

تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں باہمی تعاون کے امکانات بے پناہ ہیں، اس لیے ہمیں اپنے مشترکہ وژن کے تحت ٹھوس کامیابیوں کے حصول کے لیے مسلسل کام کرنا ہے۔ اس بات کا اظہار انہوں نے دوست پاکستان ترکیہ فرینڈشپ فورم کے زیر اہتمام بین الاقوامی ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ترک سفیر نے کہا کہ ہمارے دو طرفہ گہرے تعلقات کی بنیاد ادارہ جاتی تعاون کے علاوہ عوام کے درمیان پر خلوص دوستی اور اٹوٹ رشتے ہیں۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ اس وقت دنیا میں طاقت کا توازن تبدیل ہو رہا ہے۔ اس مرحلے پر مسلم دنیا کی تین طاقت ور اقوام کے درمیان دفاعی معاہدہ تاریخ کی ایک غیر معمولی کروٹ ہے۔ مسلم دنیا کے درمیان اس تعاون کو فائدہ مند بنانے کے لیے علمی اور تعلیمی تعاون میں مزید اضافے اور دفاعی تعاون کو تجارتی تعاون تک وسعت دینے کی ضرورت ہے۔

22 بقیہ ٹرمپ

سیاسی منظر نامے کا سامنا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ہفتے کو اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر کہا کہ ڈیموکریٹس کی جانب سے ان کی انتظامیہ کے ارکان کے مواخذے کی دھمکیاں "بہت تھوری" کے مترادف ہیں۔ میں اور میری انتظامیہ کے ارکان نے ایسا کوئی اقدام نہیں کیا جو قابل مواخذہ ہو۔ واضح رہے کہ ڈیموکریٹس نے ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ کے اعلیٰ ارکان بشمول اٹارنی جنرل ٹوڈ بلانش اور وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ کے خلاف تحقیقات کا اعلان کیا ہے۔ جس پر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ٹرتھ سوشل' پر ایک پوسٹ میں کہا: "ڈیموکریٹس لوگوں کو دھمکیاں دے رہے ہیں جو یہ اعلیٰ ترین سطح کی بہت تھوری کے مترادف ہے اور ان کا محاسبہ کیا جانا چاہیے۔" انکا کہنا تھا کہ وہ اور انکی انتظامیہ کے ارکان نے ایسا کوئی اقدام نہیں کیا جو قابل مواخذہ ہو۔ یاد رہے کہ ڈیموکریٹس ایوان نمائندگان اور سینیٹ کمیٹیوں پر کنٹرول کیساتھ سابق حکام کو طلب، دستاویزات کا مطالبہ اور عوامی سماعتیں کر سکتے ہیں، جس سے ٹرمپ اور ان کے اعلیٰ معاونین ممکنہ طور پر شدید جانچ پڑتال کی زد میں آسکتے ہیں۔

23 بقیہ وزیراعظم/ترکیہ کا دورہ

گے۔ دورہ کے دوران وزیراعظم کوپ 31 کانفرنس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف ترکیہ کی اعلیٰ قیادت کیساتھ دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان باہمی تعلقات اور تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔

24 بقیہ صدر/وزیراعظم

حصہ ہے۔ ملک کی سماجی، ثقافتی، اقتصادی ترقی میں ہندو برادری کی خدمات لائق تحسین ہیں۔ معاشرے میں متنوع ثقافتی اور مذہبی روایات قابل قدر معاشرتی اثاثہ ہیں۔ پاکستان اپنی مذہبی و ثقافتی تنوع پر فخر کرتا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ان خیالات کا اظہار ہندوؤں کے مذہبی تہوار دیوالی 8 نومبر 2026 پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے آج ہندوؤں کے مذہبی تہوار دیوالی کے پرمسرت موقع پر دنیا بھر بالخصوص پاکستان میں مقیم ہندو برادری کو دلی مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

25 بقیہ پولیو وائرس کی تصدیق

وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق پاکستان میں گزشتہ دو ماہ کے دوران رپورٹ ہونے والے 40 سے 50 فیصد پولیو کیسز کا تعلق افغانستان سے سامنے آیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان میں رواں سال پولیو کے 9 کیسز جبکہ افغانستان میں 50 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، ضلع خیبر میں سامنے آنے والے تینوں پولیو کیسز کا جینیاتی تعلق بھی افغانستان سے ثابت ہوا ہے۔

26 بقیہ منرل انویسٹمنٹ فورم/12 نومبر

میں منعقد ہوگا۔ پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم کو معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے تاریخ ساز ایونٹ ہے۔ فورم میں دنیا بھر سے معدنیات کے شعبے سے وابستہ ماہرین اور انٹرنیشنل کمپنیاں شرکت کریں گی۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک کے مطابق پاکستان بے پناہ معدنی وسائل سے مالا مال ہے۔

27 بقیہ بشریٰ بی بی/بینائی شدید متاثر

سلمان صفدر کی وساطت سے دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ بشریٰ بی بی کی بینائی شدید متاثر ہورہی ہے جس کے پیش نظر انہیں اڈیالہ جیل حکام سے ان کی مکمل میڈیکل رپورٹ طلب کرنے اور ذاتی خرچ پر ماہر امراض چشم سے فوری علاج کی اجازت دینے کی استدعا کی گئی ہے۔

28 بقیہ 28 ویں ترمیم/ریفرنڈم پر غور

آگاہ ذرائع کے مطابق ابتدائی غور وخوض میں 2027 کے پہلے نصف حصے کے دوران مجوزہ آئینی ترمیم کی جانب پیش رفت کا تصور پیش کیا گیا ہے، جبکہ اس سلسلے میں ابتدائی اقدامات اگلی سہ ماہی میں کیے جانے کا امکان ہے۔ مجوزہ انتظامی ڈھانچے کے تحت پنجاب کو چار صوبوں، خیبر پختونخوا کو تین، بلوچستان کو تین اور سندھ کو دو صوبوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے، جس سے ملک میں صوبوں کی مجموعی تعداد 12 ہوجائے گی۔ تاہم یہ تجویز ابھی غور کے مرحلے میں ہے اور مجوزہ حدود، انتظامی ڈھانچوں یا آئینی تنظیم نو پر عمل درآمد کے لیے درکار آئینی طریقہ کار کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ مجوزہ طریقہ کار کا ایک اہم پہلو آئینی ترمیم کا عمل شروع کرنے سے پہلے ملک گیر ریفرنڈم کا انعقاد ہے۔ اس کا مقصد اضافی صوبے بنانے کے وسیع تر سوال پر عوامی رائے حاصل کرنا ہے، تاکہ انتظامی تنظیم نو کے لیے عوامی حمایت حاصل کی جاسکے اور اس معاملے کو صرف سیاسی مذاکرات اور جماعتی مفادات تک محدود رہنے سے بچایا جاسکے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ مجوزہ اقدام کا مقصد کسی مخصوص صوبے کو نشانہ بنانا یا کسی موجودہ صوبائی اکائی کی سیاسی یا انتظامی حیثیت کمزور کرنا نہیں ہے۔ اس کے بجائے اس تجویز کی بنیادی دلیل یہ ہے کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی، انتظامی مسائل اور غیر مساوی ترقی کے تقاضے طرز حکمرانی کے لیے ایک نئے طریقہ کار کے متقاضی ہیں۔ اس تجویز کے پس منظر میں موجود سوچ کے مطابق بنیادی مقصد حکومت کو عام شہریوں کے زیادہ قریب لانا، عوامی خدمات تک بہتر رسائی بنانا، انتظامیہ کو زیادہ جواب دہ اور عوامی ضروریات کے مطابق بنانا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں اور وسائل سے ملک کے مختلف علاقوں کے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ اس تجویز کے حامیوں کا خیال ہے کہ چھوٹی انتظامی اکائیاں حکومتوں کے لیے مقامی ترجیحات کی نشاندہی، سرکاری شعبے کی کارکردگی کی نگرانی، عوامی خدمات کی فراہمی میں موجودہ خامیوں کو دور کرنے اور شہریوں کے روزمرہ مسائل کا زیادہ موثر انداز میں جواب دینے کو آسان بنا سکتی ہیں۔ ریفرنڈم کو اس بحث کو سیاسی محاذ آرائی سے آگے لے جانے کا ایک ممکنہ ذریعہ بھی سمجھا جارہا ہے۔ نئے صوبوں کا قیام تاریخی طور پر شدید سیاسی ردعمل کا باعث بنتا رہا ہے، کیونکہ سیاسی جماعتیں اور علاقائی فریق اکثر اس معاملے کو انتخابی مفادات، صوبائی شناخت اور سیاسی طاقت کی تقسیم کے تناظر میں دیکھتے ہیں۔ اس مجوزہ طریقہ کار کی حمایت کرنے والوں کا موقف ہے کہ سیاسی مصلحتوں کے بجائے عوامی رائے کو ترجیح دی جانی چاہیے اور اس معاملے کا بنیادی طور پر انتظامی کارکردگی اور عوامی فلاح کے نقطہ نظر سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔ ملک گیر مشاورت سے تنظیم نو کے اصول پر اتفاق رائے پیدا کرنے کا موقع بھی مل سکتا ہے، تاہم جغرافیائی حدود کے تعین، وسائل کی تقسیم، آئینی تحفظات اور انتظامی ذمہ داریوں کی منتقلی کے انتظامات کے لیے وسیع سیاسی اور پارلیمانی غور وخوض بدستور ضروری ہوگا۔ اس نوعیت کی کسی بھی تنظیم نو میں اہم آئینی سوالات شامل ہوں گے، جن میں موجودہ صوبائی ڈھانچے میں تبدیلیاں اور اس سے متعلق نمائندگی، مالی اور انتظامی انتظامات بھی شامل ہیں۔ لہٰذا اس مجوزہ اقدام کو حقیقت کا روپ دینے سے پہلے وسیع تر سیاسی شمولیت اور آئینی اتفاق رائے درکار ہوگا۔ اس تجویز کے پس منظر میں بنیادی موقف یہ ہے کہ اضافی صوبوں کا قیام مختلف علاقوں کے درمیان سیاسی مقابلے کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے، بلکہ اسے ایسی انتظامی اصلاحات کے طور پر دیکھا جانا چاہیے جن کا مقصد شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانا، پسماندہ علاقوں تک ترقی کے مواقع پہنچانا اور ریاست کو عوام کے لیے زیادہ قابل رسائی اور جواب دہ بنانا ہے۔

29 بقیہ چیئرمین نیب

کہ بدعنوانی کے خلاف جدوجہد میں نوجوانوں کی شمولیت ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ تعلیمی ادارے کرپشن کے خلاف آگاہی، شفافیت اور دیانت داری کی اقدار کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ نجی یونیورسٹی کے صدر ابراہیم حسن مراد نے قومی خزانے میں 6.2 کھرب روپے واپس جمع کروانے پر قومی احتساب بیورو (نیب) کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسے قومی دولت کے تحفظ اور بدعنوانی کے خلاف جدوجہد میں اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد بٹ سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں تعلیمی و آگاہی سرگرمیوں کے فروغ اور بدعنوانی کے خلاف قومی سطح پر شعور اجاگر کرنے کے لیے باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ابراہیم حسن مراد نے کہا کہ کرپشن کا خاتمہ صرف قانونی کارروائیوں سے ممکن نہیں بلکہ اس کے لیے معاشرے میں دیانت داری، شفافیت اور قانون کی بالادستی کا شعور بھی اجاگر کرنا ہوگا۔

30 بقیہ 6 سٹلائٹ کمپنیز کی رجسٹریشن

کمپنیوں کی دلچسپی، سیکورٹی کلیئرنس، قانونی تقاضے پورے نہ ہونے سے سروسز کا آغاز تاخیر کا شکار، اب تک 6 سٹلائٹ انٹرنیٹ کمپنیوں نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) میں رجسٹریشن کرائی ہے، تاہم سکیورٹی کلیئرنس اور قانونی تقاضے پورے نہ ہونے کے باعث انٹرنیٹ سروسز کا آغاز تاحال ممکن نہیں ہوسکا، سرکاری دستاویز کے مطابق پاکستان اسپیس ایکٹیویٹیز ریگولیٹری بورڈ (پی ایس اے آر بی) کے قیام کے بعد 4 نئی سٹلائٹ انٹرنیٹ کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

31 بقیہ پیٹرول پمپس/کارروائی کا فیصلہ

شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا، پیٹرولیم ڈویژن نے اوگرا اور عیسیا کو خط لکھ دیا، خط کے مطابق آئی پی ڈی نے ملک بھر میں ایک سو تیرہ ریٹیل فیول آؤٹ لیٹس اور پیٹرول پمپس کی نشاندہی کی جنہوں نے مستحق صارفین کو سبسڈی والا پیٹرول دینے سے انکار کیا، سب سے زیادہ پنجاب میں ایک سو چھ پیٹرول پمپس انکار میں ملوث پائے گئے، سندھ میں سات، خیبر پختونخوا میں پانچ اور گلگت بلتستان میں پانچ پیٹرول پمپس شامل ہیں، وزیر اعظم نے پیٹرولیم سبسڈی اسکیم کے تحت رجسٹرڈ مستحقین کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پیٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت کی تھی۔

32 بقیہ احکامات کالعدم قرار

سید احسن رضا کاظمی نے فیملی پنشن کو صرف بیوہ یا شوہر تک محدود کرنے کی پابندی غیر قانونی قرار دے دی، عدالت نے متعلقہ محکموں کو درخواست گزاروں کو سماعت کا مکمل موقع فراہم کرتے ہوئے 60 روز کے اندر قانون کے مطابق دوبارہ فیصلہ کرنے کی ہدایت کردی۔ تحریری فیصلے میں عدالت نے قرار دیا کہ قانون میں فیملی کا لفظ استعمال ہوا ہے، جسے صرف شریک حیات تک محدود نہیں کیا جاسکتا، عدالت نے تین بیٹیوں کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے محکمہ خزانہ کی 30 مئی 2025 کی وضاحت کو بلا اختیار اور کالعدم قرار دے دیا، جبکہ دسمبر 2024 اور اگست 2025 کے نوٹیفکیشنز کو بھی متعلقہ حد تک غیر موثر قرار دیا، عدالت نے قرار کہ قانون میں فیملی کا لفظ استعمال کیا گیا ہے، جسے صرف شریک حیات تک محدود نہیں کیا جا سکتا، عدالت نے واضح کیا کہ قواعد وضوابط اصل قانون سے آگے نہیں جا سکتے اور پنشن حکومت کی مہربانی نہیں بلکہ ایک قانونی حق ہے۔

33 بقیہ نئی آٹو پالیسی کا اعلان

برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے اعلان کیا کہ وزیراعظم نے آٹو موٹیو انڈسٹری پالیسی کے حتمی مسودے کی منظوری دے دی ہے، پالیسی اب غور و خوض اور مزید منظوری کے لیے مقررہ طریقہ کار کے تحت وفاقی کابینہ میں پیش کی جائے گی، مقامی سطح پر تیاری، گاڑیوں کا تحفظ، الیکٹرک گاڑیوں کا فروغ اور شفافیت نئی آٹو پالیسی کی اہم ترجیحات ہیں۔ ہفتہ کو وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ آٹو پالیسی کی حتمی تشکیل پاکستان کے آٹو موٹیو شعبے کو درپیش بنیادی مسائل کے حل اور ایک مسابقتی، برآمدات پر مبنی اور مقامی صنعت سے منسلک آٹو موبائل انڈسٹری کے قیام کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ پاکستان گزشتہ ایک دہائی سے مختلف پالیسیاں تشکیل دیتا رہا ہے، تاہم ملک مطلوبہ برآمدی ترقی حاصل نہیں کرسکا۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت اب آٹو موبائل شعبے کی بنیادی کمزوریوں کو دور کرنے اور پالیسی اہداف کو عملی معاشی نتائج میں تبدیل کرنے کے لیے جامع اور مرکوز حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔

34 بقیہ فضل الرحمان

کرپشن کا کوئی مقدمہ نہیں، ملک میں ایسا ماحول بنایا جا رہا ہے جیسے ہم بڑے بدعنوان لوگ ہیں، میری کردار کشی کے لیے ٹوئس اچھالے جا رہے ہیں، حکمرانوں سے کوئی نہیں پوچھتا کہ دس بیس سال میں لاکھوں ایکڑ اراضی کے مالک کیسے بن گئے؟ آج تک کسی عدالت کے سامنے پیش نہیں ہوا۔ 34 سال سیاسی زندگی میں کرپشن کا کوئی مقدمہ نہیں۔ ختم نبوت کے معاملے میں ایک مرتبہ عدالت گیا۔ میڈیا میرا اصل موقف بھی قوم کے سامنے لائے۔ احتساب کے ادارے احتساب نہیں، انتقامی کارروائیاں کر رہے ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمعیت اساتذہ کے زیر اہتمام قومی تعلیمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

کورٹ نوٹس

بعدالت ہائی کورٹ سندھ سرکٹ کورٹ حیدرآباد [illegible] درخواست نمبر 151 بابت 2023 [illegible] 11-03-2023 [illegible] 106/2022 [illegible] 115 [illegible] 21-10-2026 [illegible] بذریعہ نوٹس ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 23-11-2026 کو صبح 8:30 بجے CMA نمبر 1566/2023 [illegible]

بحکم شیام لال اسسٹنٹ رجسٹرار (سول)

عدالت عالیہ سندھ، کراچی

آئینی درخواست نمبر S-452 بابت 2026

ندیم الرحمن: (درخواست گزار)

بخلاف: میسرز یوفرو پاکستان: (جواب دار)

[illegible] 25.03.2026 [illegible] 06-08-2026 [illegible] 10 نومبر 2026 صبح 08:15 بجے [illegible] CMA [illegible] 2026 کو جاری کیا گیا۔

حسب الحکم (ڈاکٹر) (عبدالمالک)

اسسٹنٹ رجسٹرار (سول رٹ/SB)

مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ حکومت نے طلبہ اور اساتذہ، دونوں کو اپنے اجتماعات منعقد کرنے سے روک دیا۔ یہ ہے حکمرانوں کی نظر میں تعلیم، طالب علم اور استاد کی قدر و منزلت۔ مولانا فضل الرحمان نے سوال کیا کہ کون پالیسیاں بنا رہا ہے؟؟ کون فیصلے کر رہا ہے؟؟ یہ جو نامعلوم ہیں، یہ سب ہمیں معلوم ہے۔ حکومت اپنے اقدامات سے خود اپنے خلاف نفرت پیدا کر رہی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ یہ نفرت کس کے خلاف پیدا ہوگی؟ حکومت کے خلاف یا ملکی نظام کے خلاف؟ ان اقدامات سے انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ حکمرانوں سے کوئی نہیں پوچھتا کہ دس بیس سال میں لاکھوں ایکڑ اراضی کے مالک کیسے بن گئے؟؟ سیاست میں آئے اور آج پورے ملک کے بڑے سرمایہ کار بن گئے، ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں؟ مقدمات بھی چلے، سزائیں بھی ہوئیں، قید و بند بھی ہوئی، لیکن وفاداری کا اعلان کرتے ہی سب کچھ دھل جاتا ہے میرے خاندان، جماعت کے اہم ذمہ داروں اور کاروباری ساتھیوں پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے ہم دباؤ کے عادی ہیں۔

35 بقیہ اسحاق ڈار/لیاقت بلوچ/رابطہ

اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ لیاقت بلوچ نے بتایا کہ 10 نومبر کو حکومت اور جماعت اسلامی کی سب کمیٹی کے مذاکرات کا آخری راؤنڈ ہوگا، اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ جماعت اسلامی کے احتجاج نے عوامی ریلیف کیلئے بہت سارے اہداف حاصل کرلیے ہیں۔ نجی ٹی وی نے لیاقت بلوچ کے حوالے سے کہا کہ حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی سب کمیٹی کا اجلاس ہو چکا ہے جبکہ ٹیکنیکل کمیٹی بھی اپنا اجلاس مکمل کر چکی ہے، اب حکومت کی جانب سے پیٹرولیم لیوی اور عوامی ریلیف کے لیے اقدامات کا مرحلہ ہے۔

36 بقیہ نیتن یاہو کا سورج غروب

بنانے کی پوزیشن میں آگئے ہیں، آئزن کوٹ عرب جماعتوں کو حکومت میں شامل کرنے سے انکار کرچکے ہیں جبکہ عرب ارکان پارلیمنٹ نے حکومت میں شامل ہوئے بغیر بھی ان کی حمایت کا اعلان کر رکھا ہے اور وزارت عظمیٰ کیلئے ان کی توثیق بھی کی ہے، سابق آرمی چیف آئزن کوٹ غزہ میں نیتن یاہو کی مہم کے سخت ناقد رہے ہیں اور اسی پر اختلاف کرتے ہوئے ان کی حکومت سے علیحدہ ہوگئے تھے، 66 سالہ آئزن کوٹ مراکشی تارک وطن کے بیٹے ہیں، اگر وہ وزیراعظم بن گئے تو وہ پہلے مزراحی کمیونٹی (یعنی غیر یورپی) وزیر اعظم ہوں گے، یہ وہ کمیونٹی ہیں جن کی خاندانی جڑیں مشرق وسطیٰ یا شمالی افریقا سے ملتی ہیں، نیتن یاہو کو کرپشن کے الزامات کا سامنا ہے، 2 دہائیوں پر مشتمل اقتدار سے محروم ہونے کے بعد انہیں جیل بھی جانا پڑسکتا ہے، غزہ میں قتل عام پر جرائم کی عالمی عدالت سے ان کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری ہوچکے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ نے اپوزیشن رہنما آئزن کوٹ کو حکومت بنانے کا مینڈیٹ دینے کا اعلان کردیا ہے۔ اسرائیل کے طویل عرصے تک خدمات انجام دینے والے رہنما نیتن یاہو کا سخت گیر قوم پرست اتحاد 27 اکتوبر کے انتخابات میں اپنی اکثریت کھو بیٹھا تھا تاہم وہ پھر بھی پارلیمنٹ میں سب سے بڑے بلاک کے طور پر سامنے آیا ہے۔ سابق فوجی سربراہ آئزن کوٹ نے عرب جماعتوں کے ساتھ اتحاد کرنے سے انکار کردیا ہے، جن کی حمایت سے ان کے پاس پارلیمنٹ میں اکثریت ہوسکتی تھی۔ لیکن عرب رہنماؤں نے، جو نیتن یاہو اور ان کے انتہائی دائیں بازو کے اتحادیوں کی پالیسیوں کو نسل پرستانہ سمجھتے ہیں، اس کے باوجود حکومت سازی کی کوشش کرنے کے لئے سب سے پہلے گادی آئزن کوٹ کو نامزد کیا جس سے انہیں سب سے زیادہ حمایت حاصل ہوئی۔ آئزن کوٹ کی نامزدگی کے بعد ہفتوں تک طویل مذاکرات متوقع ہیں۔ انہیں حکومت بنانے کے لیے 28 دن کا وقت ملے گا، اور ضرورت پڑنے پر 14 دن کی ممکنہ توسیع بھی کی جاسکتی ہے۔ اقتدار تک پہنچنے کے ان کے ممکنہ راستوں میں باہر سے عرب حمایت کے ساتھ اقلیتی اتحادی حکومت بنانے کی کوشش کرنا؛ الٹرا آرتھوڈوکس (مذہبی) جماعتوں کے ساتھ اتحادی حکومت تشکیل دینا جس سے وہ اور ان کے اتحادی ماضی میں گریز کرتے رہے ہیں؛ یا پھر نیتن یاہو کے ساتھ ایک قومی اتحادی حکومت بنانا شامل ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ یہ تینوں آپشنز عملی جامہ پہننے کے امکانات بہت کم ہیں۔ اگر آئزن کوٹ ناکام ہو جاتے ہیں، تو کوئی دوسرا امیدوار حکومت بنانے کی کوشش کرسکتا ہے اور اگر وہ بھی ناکام رہے تو پارلیمنٹ کسی اور کو نامزد کرسکتی ہے۔ اس پورے عمل کے لیے تقریباً 100 دن کی آخری ڈیڈ لائن ہے۔ اگر کوئی بھی کامیاب نہ ہوسکا تو دوبارہ انتخابات کروائے جائیں گے۔ اس سے قبل اپوزیشن جماعت یاشار نے وزیراعظم نیتن یاہو کی قومی حکومت کی پیشکش ٹھکرادی۔ پارٹی نے ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں کہا کہ نیتن یاہو کو اتحاد کا لفظ اسی وقت یاد آیا جب انہیں اندازہ ہوگیا کہ ان کے دن گنے جاچکے ہیں، پارٹی نے بتایا کہ پارٹی سربراہ آئزن کوٹ نے قومی ہنگامی حکومت کا منصوبہ بنایا ہے، دوسری جانب نیتن یاہو نے ہفتے کے روز قومی اتحادی حکومت بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے خبردار کیا کہ اسلام پسندوں (عرب جماعتوں) کی حمایت سے قائم ہونے والی حکومت اسرائیل کے مستقبل اور سلامتی کے لئے خطرہ بنے گی، غیرملکی میڈیا کے مطابق اسرائیل میں حالیہ انتخابات کے بعد حکومت سازی کا معاملہ صدر اسحاق ہرزوگ کے فیصلے کا منتظر ہے، وہ آج اتوار کو کسی ایک امیدوار کو حکومت بنانے کی دعوت دیں گے، آئزن کوٹ کو عرب جماعتوں کی حمایت کے بعد اب تک 61 نشستوں سے زیادہ 67 کی حمایت حاصل ہوگئی ہے، آئزن کوٹ اور ان کی جماعت نے صدر ہرزوگ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ انہیں نئی حکومت کی تشکیل کا مینڈیٹ دیں۔ قبل ازیں اپوزیشن جماعت یاشار کا کہنا تھا کہ آئزن کوٹ کی مجوزہ قومی ہنگامی حکومت میں "صرف وہی جماعتیں اور ارکان پارلیمنٹ شامل ہوں گے جو یاشار کے چار بنیادی اصولوں کی حمایت کرتے ہیں، جن میں حماس کو ایک دہشت گرد تنظیم تسلیم کرنا اور اس کی فوجی وحکمرانی کی صلاحیت کو ختم کرنے کا عزم شامل ہے۔

37 بقیہ امریکا/ایٹمی ٹاسک فورس کا اعلان

ہے، امریکی نیوز ایجنسی ایکسیوس کا کہنا ہے کہ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس مذاکرات کی مسلسل پاکستان سمیت ثالث رہنماؤں کیساتھ دو ہفتوں سے ذاتی طور پر رابطے میں ہیں جس کا مقصد جنگ بندی کا معاہدہ طے کرنا اور جوہری مذاکرات کو دوبارہ شروع کرنا ہے، ایران معاہدے کیلئے بے قرار ہے، ٹرمپ، وینس کے ثالثوں سے رابطے، ہرمز میں ٹینکر بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا، حوثیوں کا کہنا ہے کہ یمن کے دارالحکومت صنعاء پر سعودی بمباری میں 22 افراد ہلاک ہوگئے ہیں جبکہ سعودی عرب نے کہا ہے کہ انہوں نے ریاض کی طرف فائر کیا جانے والا حوثیوں کا میزائل فضا ہی میں تباہ کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ نے بتایا کہ ایران کو جدید ہتھیاروں کے نظام اور دیگر ممنوعہ اشیا کی منتقلی سے روکنے کیلئے ایک خصوصی ٹاسک فورس "آئزن گیٹ" قائم کرنے کا اعلان کیا ہے، تفصیلات کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ نے ایران کیخلاف قائم کی گئی نئی ٹاسک فورس کے بارے میں بتایا کہ اس فورس میں تقریباً 20 فوجی اور سویلین اہلکار شامل ہوں گے۔ یہ فورس امریکی ریاست فلوریڈا کے شہر ٹیمپا میں قائم ہوگی اور اپنی سرگرمیوں کو امریکی حکومت کے دیگر اداروں کے ساتھ مربوط کرے گی۔

38 بقیہ پاکستان/سوڈان/ویزا فری سہولت

نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان سرکاری سطح پر روابط اور باہمی تعاون کے فروغ کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، معاہدے کے تحت پاکستان اور سوڈان کے سرکاری وسفارتی پاسپورٹس پر ویزا فری انٹری کی سہولت ہوگی دونوں وزرائے داخلہ نے سرکاری و سفارتی پاسپورٹس پر ویزا فری انٹری معاہدہ کا خیر مقدم کیا۔ یہ معاہدہ پاکستان اور سوڈان کے دوطرفہ تعلقات میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہے، دونوں وزرائے داخلہ کا دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم اور مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ۔ قبل ازیں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے سوڈان کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل بابکر سمرہ مصطفیٰ علی نے ملاقات کی اور وفود کی سطح پر مذاکرات کئے۔

39 بقیہ شہزادہ سلطان/آئی جی ریلوے

ریلوے پولیس تعینات کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے ان کا نام منظوری کیلئے وزیر اعظم کو بھجوا دیا۔ اس وقت آئی جی ریلوے پولیس کا اضافی چارج پولیس سروس کے گریڈ 20 کے افسر سرفراز احمد فلکی کے پاس ہے۔

40 بقیہ حافظ نعیم الرحمن

ریلیف دیا جا رہا ہے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ ریلیف کا دائرہ کار 800 سی سی کے بجائے 1300 سی سی تک بڑھایا جائے اور کسانوں کے زیر استعمال ٹریکٹرز کو بھی اس میں شامل کیا جائے۔ حکومت کا موقف ہے کہ لیوی ختم کرنے سے بڑی گاڑیوں کے مالکان کو فائدہ ہوگا، ہم کہتے ہیں کہ 1800 سی سی سے بڑی گاڑیوں پر 200 روپے فی لیٹر لیوی عائد کردی جائے، اگر کوئی بڑی گاڑی رکھ سکتا ہے تو زیادہ لیوی بھی ادا کرے، اس طرح متوسط طبقے کے افراد پر لیوی کا بوجھ 30 سے 40 روپے فی لیٹر تک کم ہوسکتا ہے، ہمارا دو ٹوک مطالبہ ہے کہ آئندہ بجٹ میں پیٹرولیم لیوی ختم کرنے کا اعلان کیا جائے۔ جماعت اسلامی کی جدوجہد کے نتیجے میں حکومت ریلیف دینے اور ریٹائیروں سے کچھ بازپرس کرنے پر مجبور ہوئی ہے، لیکن یہ اقدامات ناکافی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کو ادارہ نورحق میں پیٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کے خلاف جماعت اسلامی کی جدوجہد و دیگر امور کے حوالے سے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حافظ نعیم الرحمن نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی کراچی کو سندھ کا حصہ تسلیم کرنے کی بجائے شہر کو صرف وسائل کے حصول کے لیے استعمال کرتی ہے، اسی لیے اہل کراچی اسے مسترد کرچکے ہیں، ایم کیو ایم بھی عوام کا اعتماد کھو چکی ہے۔ سندھ حکومت کے منصوبے التوا کا شکار ہیں، جبکہ شہر پانی کے بحران اور ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہے۔ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے اور یہاں ملک کی تمام اکائیوں سے تعلق رکھنے والے لوگ آباد ہیں، انھوں نے کہا کہ اخباری رپورٹس کے مطابق رہائش کے اعتبار سے دنیا کے 173 بدترین شہروں کی فہرست میں کراچی 170 ویں نمبر پر ہے۔

41 بقیہ پاک چین دوستی کا نیا سنگ میل

2 پاکستانی خلا بازوں کا انتخاب کیا گیا تھا۔ چینی مینڈ سپیس ایجنسی نے بتایا کہ چین میں مختلف نوعیت کی تربیت مکمل کرنے اور تمام ٹیسٹ کامیابی سے پاس کرنے کے بعد منتخب 2 پاکستانی خلا بازوں میں سے ایک اس مشن میں حصہ لے گا۔

42 بقیہ راجہ ذوالقرنین/انتقال کر گئے

ذوالقرنین خان انتقال کر گئے۔ ان کے انتقال کی خبر سے آزاد کشمیر بھر کے سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں میں گہرے دکھ اور افسوس کی لہر دوڑ گئی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے سابق صدر آزاد جموں و کشمیر راجہ محمد ذوالقرنین خان کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔

43 بقیہ شرجیل انعام میمن

برادری پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ پیپلز پارٹی اقلیتوں کے حقوق، مذہبی آزادی اور بین المذاہب ہم آہنگی پر یقین رکھتی ہے۔ سندھ حکومت اقلیتی برادری کے تحفظ، فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے اقدامات جاری رکھے گی۔

44 بقیہ بنوں/4 دہشت گرد ہلاک

میں بنوں میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشتگرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی فورسز خیبر پختونخوا سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔

45 بقیہ کمرشل گیس سلنڈر کی قیمت

شہروں اسلام آباد راولپنڈی سمیت چاروں صوبوں اگلے دارالحکومتوں حتیٰ کہ آزاد کشمیر و گلگت بلتستان بھر میں ایل پی جی کے 35 کلوگرام کمرشل سلنڈر جو گزشتہ ماہ کے اواخر میں 25 ہزار دو سو روپے تک کے تھے سات نومبر کی شام مانیٹر کیے گئے ان کی قیمت 38 ہزار 2 سو روپے کردی ہے اسی طرح گیس کے دکانداروں نے 15 کلوگرام کمرشل ایل پی جی گیس سلنڈر کی قیمت اکتوبر کے آخری ہفتے کی 51 سو روپے سے بڑھا کر 82 سو روپے تک بڑھادی ہے۔

46 بقیہ رقم ہتھیانے والی ملزمہ گرفتار

آئیلٹس سرٹیفکیٹ اور نکاح نامہ فراہم کرنے والی ملزمہ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی نے مقدمہ نمبر 285 / 2026 میں کارروائی کرتے ہوئے برطانیہ ورک ویزا فراڈ میں ملوث ملزمہ کو گرفتار کر لیا۔ شکایت کنندہ کے مطابق ملزمہ نے انہیں برطانیہ بھجوانے کا جھانسہ دے کر مختلف اوقات میں مجموعی طور پر 52 لاکھ روپے وصول کیے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمہ نے شکایت کنندہ کو 10 لاکھ روپے کے عوض جعلی آئیلٹس سرٹیفکیٹ فراہم کیا۔ بعدازاں ملزمہ نے شادی کا جھانسہ دے کر یوکے ویزا دلوانے کا وعدہ کیا اور اس سلسلے میں جعلی نکاح رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور ای سٹامپ پیپر معاہدہ بھی فراہم کیا۔ ایک اور ملزمہ نے مذکورہ معاہدے میں ضامن کا کردار ادا کیا۔ جب شکایت کنندہ نے رقم واپس مانگی تو ملزمان نے واپسی سے انکار کرتے ہوئے دھمکیاں دیں۔ تفتیش کے دوران ملزمہ سے 20 لاکھ روپے کی جزوی ریکوری کرلی گئی ہے جبکہ بقیہ رقم کی ریکوری اور دیگر ملوث افراد کے کردار کے تعین کے لیے تفتیش جاری ہے۔

47 بقیہ عبدالاسید/اسپیکر پی اے سی قائم

سے یہ کمیٹی قائم کی ہے، جس کا اندراج وفاقی الیکشن کمیشن میں کرایا گیا ہے۔ عربی لفظ الاسید کے معنی میرے عزیز یا میرے محبوب کے ہیں، جسے الاسید نے انتخابی مہم کے دوران اور کامیابی کے خطاب میں بھی استعمال کیا تھا۔ امریکی اداروں اوپن سیکرٹس کا کہنا ہے سیاست دان ایسی لیڈرشپ کمیٹیوں کے ذریعے دوسرے ارکان اور سیاسی جماعتوں کو مالی مدد فراہم کر کے اپنا اثر و رسوخ بڑھاتے اور جماعتی قیادت یا اہم کمیٹیوں کی سربراہی کے لیے حمایت حاصل کرتے ہیں۔

48 بقیہ نئی دہلی آلودہ ترین شہر بن گیا

شہروں میں پہلے نمبر پر رکھا، جہاں امریکی ایئر کوالٹی انڈیکس کی ریڈنگ 581 ریکارڈ کی گئی، جو پاکستان کے شہر لاہور کے 285 کے مقابلے میں دگنی سے بھی زیادہ تھی۔ دوسری جانب بھارتی پلوشن کنٹرول بورڈ نے (جس کا ایئر کوالٹی انڈیکس کا پیمانہ مختلف ہے) صبح 10 بجے دہلی کا ایئر کوالٹی انڈیکس 363 بتایا، جو مقامی معیار کے مطابق "انتہائی خراب" کیٹیگری میں آتا ہے۔

49 بقیہ محمد اختر عباس/اضافی چارج کالعدم

ارباب محمد طاہر پر مشتمل سنگل بنچ نے فضل اللہ فاروق کی درخواست پر تحریری فیصلے میں 15 جنوری 2026 کے نوٹیفکیشن کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ فارمیسی ایکٹ 1967 کے تحت سیکرٹری کی تقرری کے لیے وفاقی حکومت کی منظوری اور مخصوص پیشہ ورانہ اہلیت ضروری ہے۔

50 بقیہ ورلڈ کلچر فیسٹیول/دسواں روز

میوزیکل پروگرام سمیت مختلف ثقافتی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، دن بھر جاری رہنے والی تقریبات میں نوجوان رقاصوں نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا جبکہ بین الاقوامی میوزیکل کانسرٹ "Folk Nights: Roads Roots" میں پاکستان سمیت مختلف ممالک کے معروف موسیقاروں اور گلوکاروں نے اپنی شاندار پرفارمنس سے حاضرین کو جھومنے پر مجبور کردیا۔ فیسٹیول کے دوران امریکی ڈانسر کی پرفارمنس، روایتی تھائی ڈانس ورکشاپ اور مختلف ممالک کی فلموں کی نمائش بھی توجہ کا مرکز رہی۔ فیسٹیول میں ڈانس پرفارمنس کے دوران صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ورلڈ کلچر فیسٹیول فنکار اپنے فن، تخلیقی صلاحیتوں اور ثقافتی ورثے کے ذریعے دنیا کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فن اور فنکار کا کوئی صنفی امتیاز نہیں ہوتا، مرد ہو یا عورت، ہر فنکار اپنی صلاحیتوں اور محنت سے پہچانا جاتا ہے۔ آرٹ ایک ایسی زبان ہے جو رنگ، نسل، مذہب، زبان اور جنس کی تفریق سے بالاتر ہوکر انسانوں کو آپس میں جوڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے مختلف ممالک سے آئے ہوئے تمام فنکار امن، محبت، ہم آہنگی اور بھائی چارے پر یقین رکھتے ہیں اور اپنے فن کے ذریعے امن کا پیغام دینے کے لئے یہاں جمع ہوئے ہیں۔ فیسٹیول کے دسویں روز کی سرگرمیوں کا آغاز "ORBIT DANCE BATTLE" کے آڈیشن راؤنڈ سے کیا گیا، مقابلے کی میزبانی ناروے کے معروف ڈانسر نوید رضوانی نے کی، جبکہ ناروے کی ڈی جے بہترین کی ہپ ہاپ بیٹس پر نوجوان رقاصوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ رقص پیش کیا۔ مقابلے میں ججز کے فرائض معروف ڈانسر ہلی جاوا، رقاصہ نگہت چوہدری اور لوکس ڈی وائن (Lucs Dewyne) نے انجام دیے۔

51 بقیہ بلوچی موسیقی/سامعین مسحور

تعلق رکھنے والے نامور موسیقاروں اور گلوکاروں نے اپنی روایتی اور جدید موسیقی سے فیسٹیول کو چار چاند لگا دیے۔ بلوچستان کے معروف لوک موسیقار استاد نور بخش نے اپنی منفرد بلوچی موسیقی اور روایتی سازوں کی دلکش دھنوں سے سامعین کو مسحور کیا، جبکہ خیبر پختونخوا کے معروف فوک فیوژن بینڈ "Khumariyaan" نے خیبر اور بولان کی موسیقی کے امتزاج سے حاضرین کو خوب محظوظ کیا۔

52 بقیہ صنم جاوید/علیحدگی کا فیصلہ

عدالت میں بذریعہ وکیل خلع کا دعویٰ دائر کردیا، عدالت نے شوہر عتیق ریاض کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 25 نومبر کو جواب طلب کرلیا، دعوے میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ درخواست گزار کا نکاح عتیق ریاض کے ساتھ 22 ستمبر 2009 کو ہوا تھا۔

53 بقیہ مارکو روبیو/کارروائی کی وارننگ

برطرف کیا جائے گا، اہم فیصلوں کے لیے وزیر خارجہ یا نائب وزیر کی منظوری لازم، کمبرلی گلفائل کے استعفے کے بعد محکمہ خارجہ میں نگرانی سخت، پالیسی چیف جیرمی لیون کے جانے پر اختلافات کی خبریں سامنے آگئیں۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے محکمہ خارجہ کے اعلیٰ عہدیداروں کو خبردار کیا ہے کہ وہ اپنے دائرہ اختیار میں رہیں اور مفادات کے ٹکراؤ یا غیر اخلاقی سرگرمیوں سے گریز کریں۔

54 بقیہ سعودی عرب سے روابط/شام

معاہدے کی شکل اختیار کر سکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق شام کے ایک سفارتی ذریعے نے سرکاری نیوز ایجنسی سے گفتگو میں بتایا کہ دمشق کا یمن میں اپنے فوجی دستے بھیجنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے البتہ سعودی عرب کے ساتھ عسکری تعاون میں وقت کے ساتھ مزید وسعت لائی جاسکتی ہے۔

55 بقیہ اسد عمر

زبردستی ملک میں نہیں لایا جاسکتا۔ اسد عمر نے ریاست کے حکمرانوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی موجودہ گورننس کی حکمت عملی پر ہر صورت فوری نظر ثانی کریں، اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھے افراد کی سوچ ایسی ہوچکی ہے جو ہر مسئلے کو ایک "کیل" سمجھتی ہے اور اس کا واحد حل صرف "ہتھوڑا" ان کے پاس موجود ہے۔

56 بقیہ فرضی نام رکھنا غیر قانونی ہے؟

ایک کال سینٹر پر چھاپے اور 273 گرفتاریوں کے بعد ایک نئی بحث کا آغاز ہوگیا ہے، تفتیش کاروں کا امتحان شروع ہوگیا، ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے نے اپنی پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا کہ مذکورہ کال سینٹر میں ایجنٹس اپنے نام تبدیل کرکے جان، مائیکل، ایوا اور دیگر انگریزی نام رکھ کر بات کرتے تھے، سائبر ماہرین کا کہنا ہے کہ تمام مشرقی ممالک میں سو وہ نام ہی استعمال کئے جاتے ہیں، فراڈ کیلئے یہ غیر قانونی ہوسکتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تین یوم قبل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کراچی کے ایک کال سینٹر پر چھاپے اور 273 گرفتاریوں کے بعد ایک نئی بحث کا آغاز ہوگیا ہے، ان بڑی گرفتاریوں کے بعد تفتیش کاروں کا اصل امتحان یہ ہوگا کہ وہ ان گرفتار افراد کے مبینہ فراڈ اور جعلسازی کے شکار بیرون ملک افراد کی شناخت کیسے کرتے ہیں اور فراڈ کی گئی رقوم کا تعین کرتے ہوئے عدالت میں کون سے ثبوت پیش کرتے ہیں۔

Sindh Mass Transit Authority

حکومت سندھ، سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی
ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ ڈپارٹمنٹ

ٹینڈر طلبی نوٹس

بی آر ٹی ایس گرین اور اورنج لائنز کی مینٹی ننس

"بی آر ٹی گرین اور اورنج لائن کوریڈورز میں روڈ، بلڈنگز، الیکٹریکل، HVAC اور MEP ورکس کی متفرق مرمت/تبدیلی/مینٹی ننس کے کام"

(فریم ورک کنٹریکٹ کی بنیاد پر عمل درآمد کیا جائے گا، مقدار یا مالیت کے کسی کم از کم آرڈر کی گارنٹی نہیں ہے)

سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی (SMTA)، حکومت سندھ، مندرجہ ذیل کاموں کے لیے پرنٹ میڈیا اور SPPRA اور EPAD پورٹل کے ذریعے ایک مرحلہ دو لفافہ طریقہ کے تحت SPPRA رولز (ترمیم شدہ تاحال) کے مطابق BRT گرین اور اورنج لائن کوریڈورز میں متفرق روڈ، بلڈنگ، الیکٹریکل، HVAC اور MEP ورکس کی مرمت/پارٹس یا مکمل آئٹم کی تبدیلی/مینٹی ننس پر مشتمل مینٹی ننس ورکس کے لیے دلچسپی کی حامل معروف کمپنیز سے سربمہر پیشکشیں مدعو کرتی ہے۔

نمبر شمار	کام کا عنوان	تخمینی لاگت	بڈ سیکورٹی	پیشکش جمع کرانے کی ڈیڈ لائن	ٹیکنیکل بڈ کھلنے کی تاریخ اور وقت	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)
01	BRT گرین اور اورنج لائن کوریڈورز پر متفرق سڑک، عمارت، الیکٹریکل، HVAC اور MEP کاموں کے پارٹس یا مکمل آئٹم کی مرمت/تبدیلی/مینٹی ننس کے کام	300 ملین	لمپ سم 5.5 ملین (ٹیکنیکل بڈ کے ساتھ بینک پے آرڈر)	26-11-2026 سہ پہر 3:00 بجے تک	26-11-2026 سہ پہر 3:30 بجے تک	-/5000 روپے

☆ بڈنگ دستاویزات بدھ 11 نومبر 2026 سے EPAD سسٹم پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہوں گی۔

معیار قابلیت:

نمبر شمار	تفصیل	شرائط
1.1	اہلیت: متعلقہ کیٹیگری اور ڈسپلن میں رواں سال کا پاکستان انجینئرنگ کونسل سے کارآمد رجسٹریشن	کیٹیگری C3 اور ڈسپلن CE-01,CE-10,EE11(vi),ME01(HVAC),ME03 JV ممبر: PEC کیٹیگری C4 اور ڈسپلن CE-01,CE-10,EE11(vi),ME01(HVAC),ME03
1.2	انکم ٹیکس کے لیے FBR سے رجسٹرڈ اور فعال	لازمی پورا کرنا (دونوں سربراہ اور JV)
1.3	سیلز ٹیکس کے لیے سندھ ریونیو بورڈ سے رجسٹرڈ اور فعال	لازمی پورا کرنا (دونوں سربراہ اور JV)
1.4	مقدمہ بازی (اگر کوئی ہے) کی فہرست ان کی نوعیت اور کیفیت/نتائج	لازمی پورا کرنا (دونوں سربراہ اور JV)
1.5	حلف نامہ کہ فرم اس وقت بلیک لسٹڈ نہیں ہے	لازمی پورا کرنا (دونوں سربراہ اور JV)
1.6	قابلیت: گزشتہ پانچ (05) برس میں سرانجام دیے گئے مماثل کام مع لاگت کم از کم 5 سال کا تجربہ	240 ملین روپے فی لازماً پورا کرنا
1.7	گزشتہ پانچ برس کا سالانہ اوسط ٹرن اوور کنسٹرکشن واحد ادارہ: لازمی پورا کرنا JV کی صورت میں: JV میں اپنے شیئرز کے مطابق تمام JV اراکین کے لیے قابل اطلاق	400 ملین روپے

☆ ایک پری بڈ میٹنگ 17-11-2026 کو بوقت سہ پہر 03:00 بجے SMTA آفس میں منعقد کی جائے گی۔

i- عدم جواب شدہ ٹینڈرز مندرجہ ذیل تاریخوں پر دوبارہ جاری جمع کیے اور کھولے جائیں گے۔

کوشش	(a) تاریخ اجراء	(b) جمع کرانے اور کھلنے کی تاریخ
دوسری	30-11-2026	15-12-2026

فنڈنگ پوزیشن: فنڈز پروکیورنگ ایجنسی کے پاس دستیاب ہیں۔

شرائط وضوابط

(a) مندرجہ ذیل شرائط کے تحت پیشکش مسترد کردی جائے گی۔ (i) پیشکشیں جن کے ساتھ بڈنگ دستاویزات میں صراحت کردہ کے مطابق درکار رقم اور شکل کی بڈ سیکورٹی منسلک نہیں ہوگی۔ (ii) صراحت کردہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول پیشکشیں یا مشروط پیشکش۔ (iii) بلیک لسٹڈ فرم۔ (b) پیشکش کی کارآمدگی مدت: 90 دن

پروکیورنگ ایجنسی کو سندھ پبلک پروکیورمنٹ رولز 2010 کے متعلقہ مندرجات سے مشروط تمام یا کوئی پیشکش مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔

ڈائریکٹر، انفرا اسٹرکچر اینڈ پلاننگ سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی، حکومت سندھ
آفس: D-43/1، شاہراہ غالب، بلاک 2، کلفٹن نزد بلاول چورنگی، کراچی۔ فون: 021-99332207-8

INF-KRY 5071/26
WORK FOR SINDH
JOB PORTAL BY INFORMATION DEPARTMENT

اسپورٹس

سری لنکا کیخلاف پہلے ٹیسٹ سے قبل پاکستانی ٹیم میں مزید 4 کھلاڑی شامل، میچ کل سے شروع

بیٹر عبداللہ فضل اور اسپنر علی عثمان پاکستان ٹیم سے ریلیز، ٹکٹوں کی فروخت شروع، کوئی بھی حریف آسان نہیں ہوتا، فاسٹ بولر محمد عباس

کراچی (عبدالماجد بھٹی) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان پہلا ٹیسٹ پیر سے پنڈی اسٹیڈیم میں شروع ہوگا۔ ٹیسٹ میچ کی تیاریوں میں مصروف پاکستانی ٹیم میں مزید چار کھلاڑیوں عامر جمال، ہلی شمیر، ثاقب خان اور محمد طیب عارف کو شامل کرلیا گیا، کوئی اسپیشلسٹ اسپنر شامل نہیں، ٹیسٹ بیٹر عبداللہ فضل اور اسپنر علی عثمان کو پاکستان ٹیم سے ریلیز کردیا گیا ہے، ثاقب اور طیب سری لنکا کے خلاف پریکٹس میچ میں پیٹرنز اسکواڈ کا حصہ تھے۔ پہلے ٹیسٹ کے آغاز میں دو دن سے بھی کم وقت باقی ہے، عبداللہ فضل اور علی عثمان کو ٹیم سے نکالنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی گئی۔ عبداللہ فضل نے گزشتہ سال قائداعظم ٹرافی کے فائنل پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ جیتے تھا۔ دو ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ کے دوروں پر جانے والی پاکستانی ٹیم کا بھی حصہ تھے، لیکن کمر کے نچلے حصے میں چوٹ لگنے کے باعث وہ باہر ہو گئے تھے۔ بعد ازاں، انگلینڈ میں کھیلے گئے آخری ٹیسٹ کے لیے انہیں دوبارہ طلب کیا گیا تھا، ذرائع کے مطابق گرین کیپ پر علی شمیر اور ثاقب خان کو ٹیسٹ کیپ ملنے کا امکان ہے۔ 16 رکنی اسکواڈ میں صرف ایک کھلاڑی ایسا ہے جس کی بنیادی مہارت اسپن بولنگ ہے یعنی عرفات منہاس جو نچلے مڈل آرڈر میں بیٹنگ بھی کرسکتے ہیں، اسپنر ساجد خان کو نظر انداز کیا گیا ہے، دریں اثنا، پاکستان سری لنکا لاہور ٹیسٹ کے ٹکٹوں کی فروخت ہفتے سے شروع ہوگئی۔۔ علاوہ ازیں پاکستانی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر محمد عباس نے کہا ہے کہ سری لنکا کی ٹیسٹ سیریز کے لیے مکمل تیار ہیں ۔کوئی بھی حریف آسان نہیں ہوتا۔

پاکستان نے ایشین ٹیم اسکواش ٹائٹل جیت لیا، کوریا کو شکست

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی کھلاڑیوں نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ کا ٹائٹل حاصل کرلیا۔ چیمپئن معصف علی میر اسکواش کمپلیکس میں کھیلی جانے والی چیمپئن شپ کے فائنل میں پاکستان نے کوریا کو ہرایا نور زمان نے ڈیوگ من ریو کو اور محمد عاصم خان نے سیوجن اوہ کو شکست دی۔ خواتین فائنل میں بانگ کانگ چین نے ملائشیا کو 2-1 سے ہرا کر ٹائٹل حاصل کیا۔ اختتامی تقریب میں اسکواش ایسوسی ایشن کے عہدیداران علاؤالدین، قمر زمان اور جہان شیر خان کے علاوہ مہمان خصوصی عادل جاسم الطریب نے میڈلز اور ٹرافیاں تقسیم کیے۔

ساف فٹ بال، آج پاکستان اور مالدیپ مدمقابل

کراچی (شکیل یامین کاظمی/اسٹاف رپورٹر) ساف فٹ بال چیمپئن شپ میں پاکستانی ٹیم اتوار کو مالدیپ کے خلاف اہم میچ کھیلے گی، قومی ٹیم کی سیمی فائنل میں پہنچنے کیلئے اس میچ میں کامیابی ضروری ہے۔

پاکستان بیڈمنٹن فیڈریشن کے انتخابات کالعدم، ایڈہاک کمیٹی بنانے کا حکم

اسلام آباد ہائی کورٹ کا سابق سکریٹری کی درخواست پر فیصلہ، نئے انتخابات تین ماہ میں ہوں گے

کراچی (نصر اقبال/اسٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان بیڈمنٹن فیڈریشن کے انتخابات کو کالعدم قرار دیتے ہوئے پاکستان اسپورٹس بورڈ کو پاکستان بیڈمنٹن فیڈریشن کے انتخابات 90 روز میں کرانے کا حکم دیا، سابق سیکریٹری پی ایف امتیاز گل نے انتخابات کو عدالت میں چیلنج کیا تھا، جسٹس محمد عظیم خان پر مشتمل ایک رکنی بینچ نے فیصلہ دیتے ہوئے انتخابی عمل مکمل ہونے تک ایڈہاک کمیٹی قائم کرنے کا حکم بھی دیا، عدالتی فیصلے سے پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی جانب سے فیڈریشنز کے انتخابات کرانے کے اختیارات پر سوالیہ نشان لگ گیا، پاکستان اسپورٹس بورڈ کے آئین 2022 اور اسپورٹس ایتھکس ریگولیشن 2024 کے مطابق فیڈریشنز کے انتخابات کرانا پی ایس بی کا اختیار ہے، عدالتی حکم میں کہا گیا ہے کہ ایڈہاک کمیٹی وفاقی وزارت بین الصوبائی رابطہ کے ایڈیشنل سیکرٹری کی سربراہی میں قائم کی جائے اور اس میں ڈائریکٹر نیشنل اسپورٹس فیڈریشنز کو بطور ممبر شامل کیا جائے۔ نئی ایڈہاک کمیٹی میں پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان سے بھی ایک ایک سابق بیڈمنٹن چیمپئن کو شامل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

کیپ ٹاؤن ٹیسٹ، بال کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کا آسٹریلوی ٹیم کو پتہ تھا، عثمان خواجہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آسٹریلوی ٹیسٹ کرکٹر عثمان خواجہ نے دعویٰ کیا ہے کہ جنوبی افریقا کے خلاف کیپ ٹاؤن ٹیسٹ میں بال کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کے معاملے کا پوری آسٹریلوی ٹیم کو پتہ تھا، یہ عمل کیپ ٹاؤن ٹیسٹ سے قبل ٹیسٹ میں بھی کیا گیا تھا۔ خواجہ نے اس معاملے کی تفصیلات اپنی سوانح عمری صبر میں بیان کی ہیں جو جنگل کو شائع ہوگی۔ انہوں نے انٹرویو میں کہا کہ اس واقعے میں صرف اسٹیون اسمتھ، ڈیوڈ وارنر اور کیمرون بینکرافٹ ہی نہیں بلکہ پوری ٹیم ملوث تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ اس معاملے کی اجتماعی ذمہ داری قبول کی جائے کیونکہ ان کے خیال میں پوری ٹیم کو معلوم تھا کہ گیند کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔

انڈر 19 ایشیا کپ، پاک بھارت میچ آج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اے سی سی میٹرز انڈر 19 ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں پاکستان اتوار کو دوسرے میچ میں بھارت کے مدمقابل ہوگا۔ دن ڈے میچ مسقط کے الامرات کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔

قومی انڈر 19 کرکٹ فائنل

پنڈی 233 رنز پر آؤٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اقبال اسٹیڈیم میں نیشنل انڈر 19 کرکٹ چیمپئن شپ فائنل کے پہلے روز ہفتے کو راولپنڈی کی ٹیم پہلی اننگز میں 233 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ اختتام پر لاہور بلوز کے 5 وکٹوں پر 92 رنز بنائے۔

ٹیسٹ، بنگلہ دیش کے توحید کی ڈبل سنچری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سلہٹ میں پہلے کرکٹ ٹیسٹ کے تیسرے دن ویسٹ انڈیز نے دوسری اننگز میں بغیر کسی نقصان کے سات رنز بنالئے، اس سے قبل ویسٹ انڈیز کے پہلی اننگز کے اسکور 356 رنز کے جواب میں بنگلہ دیش نے 386 رنز بنائے۔ توحید ہدیے نے 242 رنز بنائے۔

جے ڈی سی شمیم شیخانی سیزن ون کے سیمی اور فائنل مقابلے آج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جے ڈی سی شمیم شیخانی ٹیپ بال نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ پاکستان زندہ باد لیگ سیزن ون اختتامی مرحلے میں داخل ہوگیا، ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز اور گرینڈ فائنل اتوار کو یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے جائیں گے، فاتح ٹیم کے لیے ایک کروڑ 55 لاکھ 55 ہزار 555 روپے کی انعامی رقم مختص کی گئی ہے۔ ٹورنامنٹ کا آغاز 26 اکتوبر کو کراچی بھر کی 64 ٹیموں کی شرکت سے ہوا تھا۔ ایونٹ کے آخری روز کی تقریبات کا آغاز شام 7 بجے اختتامی تقریب سے ہوگا، جس کے بعد پہلا سیمی فائنل رات 9 بجے کوری سی اور ڈی بے اسپورٹس کے درمیان کھیلا جائے گا، جبکہ دوسرا سیمی فائنل رات 10 بج کر 30 منٹ پر ایس ایس اسپورٹس اور سائیکلون اسپورٹس کے مابین ہوگا۔ دونوں سیمی فائنلوں کی فاتح ٹیمیں اسی رات ٹورنامنٹ کے گرینڈ فائنل میں مدمقابل ہوں گی۔

چیف ڈی مشن کے اعزاز میں تقریب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیدہ فاؤنڈیشن کی جانب سے ایشین گیمز میں حصہ لینے والے پاکستانی دستے کی چیف ڈی مشن فاطمہ لاکھانی کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں قومی کھلاڑیوں، پروفیسر ڈاکٹر رفیعہ سومرو، تہمینہ آصف، ڈاکٹر سارہ خرم، تابندہ ہاشمی اور سندھ اولمپک ایسوسی ایشن کے نائب صدر امتیاز شیخ اور دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے میزبان سیدہ وسیم ہاشمی نے کہا کہ ایشین گیمز میں پاکستانی کھلاڑیوں نے نظم وضبط کے ساتھ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا، بعد میں انہوں نے فاطمہ لاکھانی کو شیلڈ پیش کی۔

کرنسی ریٹ

کرنسی	خرید	فروخت
امریکی ڈالر	277.60	278.60
کینیڈین ڈالر	195.00	197.00
پاؤنڈ سٹرلنگ یو کے	371.05	373.05
آسٹریلین ڈالر	196.00	198.00
ملائیشین رنگٹ	70.50	71.50
یو اے ای درہم	75.60	76.10
سعودی ریال	73.85	74.35
قطری ریال	718.50	721.50
یورو	309.55	311.55
جاپانی ین	1.74	1.79
کویتی دینار	886.50	891.50
بحرین دینار	733.00	736.00

یہ نام ریٹ بتاریخ 07 نومبر 2026 کے ہیں

24 اکتوبر عمرہ کی ڈرا کے خوش نصیب

جناب حق نواز اعوان

سندھ مارکیٹ برانچ، کلر سیداں

PARACHA EXCHANGE

بعدالت عالیہ سندھ کراچی

آئینی درخواست نمبر 1002 سال 2025

زکریا خان ..... درخواست گزار ..... بخلاف ..... نوید حمید شکیل

جواید ابن عبدالرحمٰن ..... جواب دہندگان

جواید نمبر 2 ..... بمعہ ریزن اللہ بخش ولد ہاشم خان، شاپ نمبر 90 بلاک 2025 (فضیں محمد عابد حسین الحاج بخلاف نوید حمید شکیل الدین ودیگر) بمعہ XOlib پاکستان لمیٹڈ MCAC کراچی سائٹ آفس کی جانب سے منظور شدہ فیصلہ مورخہ 06-08-2025 و دیگر مقدمہ نمبر 1197/2021 (جوابی نوید حمید شکیل الدین بخلاف زین اللہ بخش) ہیں 5th سٹیزن سول جج کراچی سائٹ آفس کی جانب سے منظور شدہ ذیل حکم نامہ مورخہ 19-03-2025 تا جو استوائی بعدالت پاکستان کے آئین 1973 کے آرٹیکل 199(4) کے تحت درخواست (CMA نمبر 6540/2025) کے خلاف ایک آئینی درخواست دائر کی ہے۔ (کاپیاں بذریعہ عدالت ہذا کی جانب برائے 03-10-2025 کو پہلے ہی ارسال کی جاچکی ہیں) اور ہرگاہ قوام کاشتوں کے بذریعہ عمومی طریقے سے آپ تک سمن کی تعمیل میں ناکامی کی تحریر کی ہوگئی ہے لہٰذا عدالت ہذا نے ازراہ کرم سمن کی تعمیل کے لئے تاریخ مقرر کا حکم صادر کیا ہے تاہم آپ سے بذریعہ ہذا مطلب ہے کہ آپ کی درخواست بابت CMA کے خلاف دلائل دینے کے لئے اصالتاً یا بذریعہ باقاعدہ وکیل عدالت ہذا میں 19 نومبر 2026 کو بوقت 8:15 بجے حاضر ہوں ہیں میں ناکامی کی صورت میں سماعت کی کارروائی مکمل کرلی جائے گی اور آپ کی عدم موجودگی میں فیصلہ صادر کیا جائے گا۔ میرے دستخط اور مہر عدالت کے ساتھ جاری ہوا 04 نومبر 2026۔

مہر عدالت — حسب الحکم ..... دستخط: ..... (عبدالحکیم)

(اسسٹنٹ رجسٹرار (سول) برائے SB)

روبرو: جناب محمد احسان خان درانی (جج صاحب)

بینکنگ کورٹ-IV، بمقام کراچی

بلاک A-48، پاکستان سیکریٹریٹ، صدر کراچی

مقدمہ نمبر 183 بابتہ 2026

یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ حامل اس کا رجسٹرڈ ہیڈ آفس واقع UBL ہاؤس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی بذریعہ اس کے اٹارنیز ..... مدعی ..... بخلاف۔ شعیب احمد وحلہ شفیق احمد CNIC نمبر 42401-4181460-9، (1) پاکستی پتہ۔ سکنہ مکان نمبر R-159 سیکٹر 5-B/1 نزد قادری ہسپتال نارتھ کراچی (2) ملازمت کا پتہ۔ CHASE UP، ینگ اپ برانچ نزد بیلی ہسپتال بلاک F نارتھ ناظم آباد کراچی ..... مدعا علیہ

بنام مندرجہ بالا مدعا علیہ

ہرگاہ مندرجہ بالا مدعی نے 154,658.50 روپے مع فلیٹ زکی لاگت اور مقدمے کے اخراجات کی وصولیابی کے لئے فائنل انسٹی ٹیوشنز (ریکوری آف فنانسز) آرڈیننس 2001، (XLVI بابتہ 2001) کی دفعہ (1) 9 کے تحت آپ کے خلاف ایک مقدمہ دائر کیا ہے بنابریں آپ کو مقدمہ کا دفاع کرنے کے لئے نوٹس ہذا کی یکلی تعمیل کی تاریخ سے 30 دنوں کے اندر عدالت سے اجازت حاصل کرنے کے لئے سمن کیا جاتا ہے جس میں ناکامی پر یہ سمجھا جائے گا کہ استغاثہ کے الزامات حقیقت پر مبنی اور تسلیم شدہ ہیں اور عدالت ہذا اس بنیاد پر مدعی کے حق میں ڈگری منظور کرسکتی ہے۔ عدالت میں پیش ہونے کی اجازت تحریری بیان کی شکل میں ایک درخواست حاصل کی جاسکتی ہے جو قانون کے حقیقی سوالات کی سمری نیز حقائق جو ثبوت کے لئے قلم بند کئے جانے ضروری ہیں پر مشتمل ہوں 02 دسمبر 2026 کو صبح 8:30 بجے تک قابل واپسی روبرو بینکنگ کورٹ IV بمقام کراچی۔

آج 06 نومبر 2026 کو میرے دستخط اور عدالت کی مہر کے ساتھ جاری کیا گیا۔

مہر عدالت — حسب الحکم ..... دستخط: ..... ریڈر ..... بینکنگ کورٹ-IV، کراچی

GOVERNMENT OF PAKISTAN

MINISTRY OF ENERGY (POWER DIVISION)

PRIVATE POWER & INFRASTRUCTURE BOARD (PPIB)

ADDENDUM / CORRIGENDUM

EXPRESSION OF INTEREST (EOI) FOR THIRD-PARTY VALIDATION (TPV) SERVICES FOR NON-SOLAR WORKS OF 100 MWp SOLAR PV PROJECT IN GILGIT-BALTISTAN

EPADS Reference No: P172878

Reference is made to the EOI advertised by PPIB on October 28, 2026, for the subject assignment.

Prospective applicants are informed that certain amendments have been made to the EOI document, including the Scope of Works and Terms of Reference (ToRs). The revised EOI document is available on EPADS (https://epads.gov.pk), PPRA (https://ppra.gov.pk) and PPIB (https://www.ppib.gov.pk) websites.

The application submission deadline shall remain unchanged, i.e., **30 November 2026 at 10:30 a.m. (PST).**

All other terms and conditions shall remain unchanged. The revised EOI document shall supersede the earlier version.

PID(I)4294/26

Deputy Director

Private Power & Infrastructure Board (PPIB)

(Ministry of Energy (Power Division)),

2nd Floor, OPF Building, Sector G-5/2, Islamabad.

Tel: +92-51-9202092 | Mob: +92-320-3261332

haseeb.nawaz@ppib.gov.pk

ZARAI TARAQIATI BANK LIMITED

CAREER OPPORTUNITIES

ZTBL

ZTBL, a 'AAA' rated renowned specialized financial institution with a wide network of over 500 Branches all across the country is inviting applications from energetic and challenge-oriented professionals with proven track record and capacity to perform as a catalyst for transformation in a challenging environment. The individuals who fulfill the basic eligibility criteria may apply for the positions:

Officer - AML Policy, Compliance and Control Unit – (OG-II/OG-I) (No of Position -1)

Experience:
- Minimum 03-years' relevant experience.
- Preference will be given to candidates having experience in Branch Banking, AML & Compliance

Qualification:
Minimum Bachelor degree from HEC recognized Institute/University (National/ International).

Job Responsibilities:
- On-going review of AML/CFT/CPF Policy of the Bank and ensuring its timely updation, as and when required.
- Ensure that Bank's operations are in compliance with SBP's AML/CFT/CPF Regulations issued from time to time.
- To arrange the capacity building programs on AML/CFT/CPF in coordination with Training and Development Division.
- To ensure upgradation of AML/CFT/CPF systems as per new developments
- To coordinate with Internal/ External Audit and SBP Audit on AML/CFT/CPF matters.
- To Deal with administrative matters of all employees posted in Department and keep relevant record.

Other Skills/ Expertise/ Knowledge Required:
- Knowledge of applicable AML/CFT laws
- SBP AML/CFT/CPF Regulations
- Identify and assess the exposure of AML / CFT risks
- Experience coordinating internal, External and SBP audit
- Coordinating training and capacity building programs
- Experience in handling Administrative affairs

Head Compliance & Monitoring Unit OG-I (No. of Position-1)

Experience:
- Minimum 05 years' relevant experience.
- Candidate well versed with financial audits & reporting processes of a Bank/Company will be preferred

Qualification:
Minimum Bachelor degree from HEC recognized Institute/University (National/ International).

Job Responsibilities:
- Identify and assess risks associated with business processes, which can impact reliability of financial reporting.
- Design/update business processes and internal control documentation.
- Plan & Conduct periodic testing of key controls.
- Identify gaps during the periodic testing exercise and take action for resolution.
- Coordinate with and facilitate internal and external auditors in execution of their assignments.
- Any other assignment assigned by the management.

Account Monitoring Officer - (OG-II) (No. of Position-01)

Experience:
- Minimum 03-years' relevant experience.
- Preference will be given to candidates having experience in Branch Banking Operations / AML / Compliance in Commercial Banks

Qualification:
Minimum Bachelor degree from HEC recognized Institute/University (National/ International).

Job Responsibilities:
- Internal assessment of top depositors as per SBP requirement.
- Account scrutiny and deficiencies sent to branches for rectifications.
- Monitor customer accounts including high risk accounts PEPs, NGOs/NPOs /Trusts
- Monitoring of CDD/EDD requirements and completions of account documentation in line with regulatory requirements
- Review periodic ODD exercise of customer accounts and coordinate with branches for compliance
- Follow up with assigned branches to attend pending AML queries within defined timelines.

Other Skills/ Expertise/ Knowledge Required:
- Knowledge of SBP AML/CFT/CPF Regulations
- Knowledge of Account opening documentation as per SBP regulatory requirements
- Customer Due Diligence / Enhanced Due Diligence requirements etc.
- Knowledge of miscellaneous branch operations requirements in Commercial Banking.

AML Analyst-TMU – (OG-II) (No. of Position-01)

Experience:
- Minimum 03-years' relevant experience.
- Preference will be given to candidates having experience in Transaction Monitoring Unit.

Qualification:
Minimum Bachelor degree from HEC recognized Institute/University (National/ International).

Job Responsibilities:
- Extracting and submitting Currency Transaction Reports (CTRs), reported by branches, to concerned regulatory authorities within the defined timelines.
- Manage workflow of alert monitoring in TMS from generation of alerts till closure.
- Review and investigating the AML alerts of assigned branches.
- Preparing office notes for identified transactions, to be reported as STR to FMU, for approval from Competent Authority.
- Follow up with assigned branches to attend pending AML queries within defined timelines.
- Regular follow up each identified transaction and discussing the same with Team Lead for further course of action.
- Rectify the loopholes and weaknesses identified in branches.
- Maintaining MIS for reported STRs/CTRs, documentation and correspondence for audit trail.

Other Skills/ Expertise/ Knowledge Required:
- Knowledge of applicable AML/CFT laws
- SBP AML/CFT/CPF Regulations
- Identify and assess the exposure of AML / CFT risks
- Assessment of AML risks of counterparties and products
- Transactions Analysis and customer risk assessment
- Detection and reporting of suspicious transaction

Officer-CFT Desk – (OG-II) No. of Position - 01

Experience:
- Minimum 03-years' relevant experience.
- Preference will be given to candidates having experience in Sanctions/ AML/Compliance.

Qualification: Minimum Bachelor degree from HEC recognized Institute/University (National/ International).

Job Responsibilities:
- To support and develop counter terrorism financing program covering customer onboarding, customer due diligence (SDD, CDD, EDD), name screening, customer risk profiling, STRs in TF/CFT areas, record keeping, cooperation with domestic authorities on counter terrorism measures.
- To ensure compliance of entity vide CFT program.
- To ensure assessment of TF risk posed to the institution & effective implementation of controls to mitigate TF risk.
- To serve as focal desk for liaison with LEAs/FIA/CTD/other agencies on STRs on TF/PF.
- To coordinate with SBP & other external agencies for CFT related matters.
- To prepare case studies on terrorist incidents and developing summaries and notes.

Other Skills/ Expertise/ Knowledge Required:
- Knowledge of applicable AML/CFT laws
- SBP AML/CFT/CPF Regulations
- Identify and assess the exposure of AML / CFT risks
- Experience coordinating Internal, External Stakeholders
- Knowledge of Sanctions and local & global watch list

Sanction Analyst - (OG-II) No of Position-1

Experience:
- Minimum 03-years' relevant experience.
- Preference will be given to candidates having experience in Sanctions Screening in AML / Compliance.

Qualification: Minimum Bachelor degree from HEC recognized Institute/University (National/ International).

Job Responsibilities:
- Conduct periodic screening of accounts.
- Addition and deletion of PPs/DPs in Sanctions Compliance Management System (SCMS).
- Freeze and report accounts of PPs/DPs /Entities.
- To de-freeze the accounts of deleted/delisted individual's/Entities.
- Upload the NACTA, UNSCR, OFAC Lists on SCMS.
- Update blacklist list FIA RED Book, NAB Debarred list.
- Name screening of customers against NACTA, OFAC, UNSCR, FIA RED BOOK lists.

Other Skills/ Expertise/ Knowledge Required:
- Knowledge of applicable AML/CFT laws
- SBP AML/CFT/CPF Regulations
- Identify and assess the exposure of AML / CFT risks
- Knowledge of local & global watch lists
- Detection and reporting of suspicious transaction

Service Quality Analyst - (OG-II) No of Position -01

Experience:
Minimum 03-years' relevant experience.

Qualification: Minimum Bachelor degree from HEC recognized Institute/University (National/ International).

Job Responsibilities:
- Collecting & compiling data for measuring performance of field functionaries/branches for purposes of ranking of branches for meeting Service Quality standards through Zonal Manager operations, at Zonal Office. Maintaining Service Quality MIS.
- Analyzing of Service Quality Checklists/Customers Feedback form, identification of grey areas and action plan of its mitigation.
- To assist in reviewing the recurring anomalies i.e. breaches of Service Quality standards with Higher Management on Quarterly Basis.

Other Skills/ Expertise/ Knowledge Required:
- Well versed with Advance Excel, MIS management, analysis & report writing

Customer Experience Officer – (OG-II) No. of Position - 01

Experience:
Minimum 03-years' relevant experience.

Qualification: Minimum Bachelor degree from HEC recognized Institute/University (National/ International).

Job Responsibilities:
- Arranging Independent Research/Surveys to measure level of implementation of SQ Standards in FTC regime, gauging Customers Perception about Bank.
- Evaluation of the Customers perception by identifying grey areas and its escalation to the Higher Management as well as respective Zonal Chiefs for improvement of imperfections.
- Periodical analyses, suggestion to bridge the gaps identified through customer's complaints vide "Services Pitfall analysis" and monitoring of its execution process with integration to all concerned.

Other Skills/ Expertise/ Knowledge Required:
Liaising, MIS management, research & reporting

-: Eligibility/Ineligibility Criteria: -
- Maximum age limit for OG-I **40**-Years, and OG-II **35**-years as on closing date to apply.
- Market competitive remuneration will be offered.
- ZTBL is an equal opportunity employer, females and PWDs are encouraged to apply.
- Interested candidates may apply online through website: **https://www.ztbl.com.pk/jobs**, till **22 November, 2026**. Only online submission of application within due date will be accepted.
- Only short-listed candidates will be called for interview. No TA/DA shall be admissible for interviews.
- The Bank reserves the right to accept or reject any application(s) without assigning any reason(s) thereof.
- Applicants convicted by any court of law are not eligible to apply.
- Applicant dismissed, removed or terminated by previous employer(s) on disciplinary grounds is not eligible to apply.

PID(I)4299/26

For any related query, please contact Head (Recruitment & Selection), ZTBL, Head Office, Islamabad @ 051-9252724

URAAN PAKISTAN

ZTBL

پاک چین دوستی کا نیا سنگ میل، پہلا پاکستانی خلاباز چینی خلائی اسٹیشن جائیگا

چین کے خلائی پروگرام کی تاریخ میں یہ چینی اور پاکستانی خلابازوں کی پہلی مشترکہ پرواز ہوگی

اسلام آباد (جنگ نیوز) پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تحقیق کے شعبے میں نیا سنگ میل، چین کے تعاون سے پہلا پاکستانی خلاباز چینی خلائی اسٹیشن جائے گا، چائنا مینڈ اسپیس ایجنسی کے مطابق چین کے خلائی پروگرام کی تاریخ میں یہ چینی اور پاکستانی خلابازوں کی پہلی مشترکہ پرواز ہوگی۔ پہلا پاکستانی خلاباز شینھو 24 خلائی جہاز کے ذریعے چینی خلائی اسٹیشن پہنچے گا جبکہ مشن مکمل ہونے کے بعد شینھو 23 اسپیس کرافٹ کے ذریعے زمین پر واپس آئے گا۔ چینی مینڈ اسپیس ایجنسی کا کہنا تھا کہ فروری 2025 میں چین اور پاکستان نے چینی خلائی اسٹیشن کے مشن میں شرکت کے لیے تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے تھے، مشن کے لیے ابتدائی، ثانوی اور حتمی مراحل کی سخت اسکریننگ اور جائزے کے بعد

باقی صفحہ 28 نمبر 41

دیوالی روشنی، خوشی، امن اور امید کا تہوار، شرجیل انعام میمن

سندھ کے سینئر وزیر اور وزیر اطلاعات کی ہندو برادری کو دیوالی کے تہوار پر دلی مبارکباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات شرجیل انعام میمن نے ہندو برادری کو دیوالی کے تہوار پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیوالی روشنی، خوشی، امن اور امید کا تہوار ہے، جو محبت، بھائی چارے، رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کا پیغام دیتا ہے۔ ایک بیان میں سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ صوفیا کی دھرتی ہے، جہاں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں۔ ہندو

باقی صفحہ 28 نمبر 43

بنوں: سیکورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی، 4 دہشت گرد ہلاک

اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، سیکورٹی ذرائع

بنوں (جنگ نیوز) سیکورٹی فورسز نے ضلع بنوں میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں عزم استحکام وژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے

باقی صفحہ 28 نمبر 44

ورلڈ کلچر فیسٹیول کا دسواں روز، بین الاقوامی میوزیکل کانسرٹ

دنیا بھر کی لوک موسیقی نے سماں باندھ دیا، ڈانس تھیٹر، فلم اسکریننگ اور ڈانس ورکشاپس کا بھی انعقاد

کراچی (ذیشان صدیقی / اسٹاف رپورٹر، اختر علی اختر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 25 روزہ تیسرے ورلڈ کلچر فیسٹیول کراچی 2026ء کے دسویں روز فلم اسکریننگ، ڈانس ورکشاپ، عصری رقص اور بین الاقوامی

باقی صفحہ 28 نمبر 50

استاد نور بخش کی منفرد بلوچی موسیقی اور روایتی سازوں کی دلکش دھنوں سے سامعین مسحور

کراچی (اختر علی اختر) فگرل فیسٹیول کے دسویں روز پاکستان سمیت مختلف ممالک سے

باقی صفحہ 28 نمبر 51



ویگو ڈالے کے ذریعے سرمایہ کاری نہیں کروائی جاسکتی، اسد عمر

حکمرانوں اپنی موجودہ گورننس کی حکمتِ عملی پر ہر صورت فوری نظرِ ثانی کریں، بیان

اسلام آباد (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے ملک میں سیاسی عدم استحکام، سیکیورٹی کی ابتر صورتحال اور معاشی بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے موجودہ گورننس کے ماڈل پر شدید تنقید کی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ویگو ڈالے اور جبر کی پالیسی کے ذریعے کبھی بھی معاشی سرمایہ کاری کو

باقی صفحہ 28 نمبر 55

امریکا کا ایران کیخلاف نئی ٹاسک فورس کا اعلان

پہلے سے زیادہ مضبوط ہوئے ہیں تہران

صورتحال کو بے قابو ہونے سے روک لیا، قطری وزیراعظم، امن کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے، ترک صدر، ایران معاہدے کیلئے بے قرار ہے، ٹرمپ

کراچی (نیوز ڈیسک) امریکا نے ایران کیخلاف نئی ٹاسک فورس قائم کرنے کا اعلان کردیا ہے، ایران نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ اپنی جنگ کے آغاز سے اس کی فوج "مزید مضبوط" ہوئی ہے، قطر کے وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمٰن آل ثانی نے کہا ہے کہ انہوں نے امریکا اور ایران کے ساتھ رابطوں کے بعد صورتحال کو بے قابو ہونے سے روک لیا ہے، ترک صدر رجب طیب اردوان نے ٹرمپ سے ٹیلی فونک گفتگو میں کہا ہے کہ ان کا ملک امن کیلئے کوششیں جاری رکھے گا، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران معاہدے کیلئے بے قرار

باقی صفحہ 28 نمبر 37

شہزادہ سلطان کو نیا آئی جی ریلوے پولیس تعینات کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (رانا غلام قادر) معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پنجاب میں تعینات پولیس سروس گریڈ 21 کے افسر شہزادہ سلطان کو نیا آئی جی

باقی صفحہ 28 نمبر 39

پاکستان/سوڈان مابین سرکاری و سفارتی پاسپورٹس پر ویزا فری سہولت کا معاہدہ طے

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور سوڈان کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل بابکر سرہ مصطفیٰ علی نے معاہدے پر دستخط کیے

اسلام آباد (طاہر خلیل) پاکستان اور سوڈان کے مابین سرکاری و سفارتی پاسپورٹس پر ویزا فری سہولت کا معاہدہ طے پا گیا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور سوڈان کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل بابکر سرہ مصطفیٰ علی نے معاہدے پر دستخط کیے، محسن نقوی

باقی صفحہ 28 نمبر 38



کراچی: وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ تھرپارکر میں خشک سالی کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پیٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کسی صورت قبول نہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

ریلیف کا دائرہ 1300 سی سی تک بڑھایا اور کسانوں کے ٹریکٹرز کو بھی شامل کیا جائے، مطالبہ

ہر ماہ 150 ارب روپے لیوی لے کر صرف 26 ارب روپے کا ریلیف دیا جارہا ہے، پریس کانفرنس

کراچی (خالد محبوب ۔۔۔ اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پیٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا، ہمارا مطالبہ ہے کہ حکومت لیوی کا بتدریج نہیں بلکہ فوری خاتمہ کرے، ریلیف دینے کے نام پر لیوی سے جان نہیں چھڑائی جاسکتی۔ حکومت نے گزشتہ سال 1567 ارب روپے پیٹرولیم لیوی وصول کی اور ہر ماہ تقریباً 150 ارب روپے وصول کررہی ہے، جبکہ عوام کو صرف 26 ارب روپے کا

باقی صفحہ 28 نمبر 40

امریکا کے پہلے مسلمان سینیٹر عبدل السید نے 'حبیبی پی اے سی' قائم کرلی

سیاسی اتحادیوں اور دیگر امیدواروں کی مالی مدد کا منصوبہ، حبیبی عربی زبان کا لفظ، معنی میرے عزیز یا محبوب

نئی کمیٹی انتخابی مہم سے الگ کام کریگی، لیڈر شپ کمیٹیاں سیاست دانوں کا اثر و رسوخ بڑھانے کا ذریعہ

کراچی (نیوز ڈیسک) امریکا کے پہلے مسلمان سینیٹر عبدل السید نے 'حبیبی پی اے سی' قائم کرلی۔ سیاسی اتحادیوں اور دیگر امیدواروں کی مالی مدد کا منصوبہ، حبیبی عربی زبان کا لفظ، معنی میرے عزیز یا محبوب، نئی کمیٹی انتخابی مہم سے الگ کام کرے گی، لیڈر شپ کمیٹیاں سیاست دانوں کا اثر و رسوخ بڑھانے کا ذریعہ، غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی ریاست مشی گن سے منتخب ہونے والے عبدالسلام السید نے 'حبیبی پی اے سی' کے نام

باقی صفحہ 28 نمبر 47

مارکو روبیو کی محکمہ خارجہ میں مفادات کے ٹکراؤ پر سخت کارروائی کی وارننگ

غیر اخلاقی رویے پر عہدیداروں کو برطرف کیا جائیگا، اہم فیصلوں کیلئے وزیر خارجہ یا نائب وزیر کی منظوری لازم

کمبرلی گلمائل کے استعفے کے بعد محکمہ خارجہ میں گہرائی سخت، پالیسی چیف جیریمی لیون کے جانے پر اختلافات کی خبریں

وارننگ، غیر اخلاقی رویے پر عہدیداروں کو باقی صفحہ 53

بھارت: دیوالی سے قبل نئی دہلی دنیا کا آلودہ ترین شہر بن گیا، سانس لینا دشوار

ایئر کوالٹی انڈیکس لاہور سے ڈگنا ہوگیا، دیوالی کے روز پٹاخوں اور فصلوں کے دھوئیں سے خطرات مزید بڑھ گئے

بنگلورو (جنگ نیوز) ہندوؤں کے تہوار دیوالی سے ایک روز قبل بھارتی دارالحکومت نئی دلی کو شدید فضائی آلودگی کا سامنا ہے، جہاں سانس لینا دشوار اور ایئر کوالٹی انڈیکس لاہور سے ڈگنا ہوگیا ہے۔ اتوار کو دیوالی کے روز پٹاخوں اور فصلوں کے دھوئیں سے خطرات مزید بڑھ گئے ہیں۔ سوئس گروپ "آئی کیو ایئر" نے ہفتے کی صبح دلی کو دنیا کا آلودہ ترین بڑا شہر قرار دیا، آئی کیو ایئر نے مقامی وقت کے مطابق ہفتے کی صبح ساڑھے 10 بجے دلی کو دنیا کے بڑے

باقی صفحہ 48 نمبر 48

سعودی عرب سے روابط مضبوط مگر فوج یمن بھیجنے کا کوئی منصوبہ نہیں، شام

ریاض کیساتھ عسکری تعاون جاری رہیگا، دوطرفہ روابط "کمہ پیکٹ" یا باہمی دفاعی معاہدے کی شکل اختیار کرسکتے ہیں، سلامتی ذرائع

دمشق / ریاض (جنگ نیوز) شام نے یمن میں فوج کی متوقع تعیناتی کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا کہ سعودی عرب کے ساتھ عسکری تعاون میں وقت کے ساتھ مزید وسعت لائی جاسکتی ہے اور دوطرفہ روابط "کمہ پیکٹ" یا باہمی دفاعی

باقی صفحہ 28 نمبر 54

دفتر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج-II، ٹنڈو محمد خان

No:AD&SJ/A/TMK/1169/ of 2026, Dated: 05-11-2026

نوٹیفکیشن نمبر 09/1966 سٹہ بستی کیس رائی

پانچ (05) سال کے لیے لائسنس زرعی اراضی کل پیمائشی رقبہ 13-149 ایکڑز بشمول مع 00-146 ایکڑز پر کیے کی تیار فصل

ہر گاہ ذیل میں مذکور دوسرے نمبرز پر مشتمل زرعی اراضی کل پیمائشی 13-149 ایکڑز واقع دہ دریہ، رہم دیال دہسان چوپاڈ پنشن شیخ بھر کہ تعلقہ ٹنڈو محمد خان، طے کردہ شرائط وضوابط پر نیلام اکھلی بذا آکشن کے لیے عوام الناس میں رکھی جائے گی۔ نیلامی کی کارروائی 21-11-2026 کو بوقت دوپہر 12:30 بجے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج-II، ٹنڈو محمد خان اور سینئر سول جج-I، ٹنڈو محمد خان پر مشتمل کمیٹی کے روبرو دفتر ہذا کی کورٹ روم میں منعقد کی جائے گی۔ ابتدائی بڈ ویلیو فی سال -/1,61,49,625 روپے مقرر کی گئی ہے۔ بولی کے آغاز سے قبل شرکاء کو ابتدائی بڈ ویلیو (-/1,61,49,625 روپے) کے 10% کے مساوی ایک سیکیورٹی رقم بڈ ریپے پے آرڈر بنام "کورٹ آف ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج-II، ٹنڈو محمد خان جمع کرانا ہوگا جو بصورت ناکامی بولی دہندگان کو قابل واپسی ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کی رقم کا 25% (جس میں پہلے ہی جمع کرایا گیا 10% سیکیورٹی اپازٹ شامل ہوگا) آکشن کا اختتام کار کے اعتماد کا اعلان کیا جائے گا۔ ناکامی کی صورت میں سب سے زیادہ بولی دینے والے کی بالترتیب نامزدگی منسوخ کردی جائے گی اور کسی نوٹس کے بغیر پہلے جمع کرایا گیا سیکیورٹی اپازٹ ضبط کرلیا جائے گا اور کھیل کی منظوری سے مشروط تسلسل میں بعد میں آنے والے بالترتیب بولی دہندہ کی آکشن قبول کرلی جائے گی۔ جانشین بالترتیب بولی دہندہ اس بولی دہندہ کو شامل کرے گا جس کی بولی ابتدائی بولی کی مالیت کے کم از کم مساوی ہے۔ کامیاب بولی دہندہ کے طور پر جانشین بولی دہندہ تمام ذمہ داریوں، واجبات اور مالی واجبات جو بالترتیب بولی دہندہ کے بیچ کے ضمن میں ذمہ دار ہوگا اور تمام شرائط وضوابط اسی طرح اس پر بھی قابل اطلاق ہوں گی۔ کامیاب بولی دہندہ کے کل زرعی اراضی پیمائشی 13-149 ایکڑ کا قبضہ، کھیل میں مقرر رقم کی وصولی اور لائسنس کی شرائط وضوابط کی تعمیل کی توثیق سے مشروط ہوگا جو ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی جانب سے کی جائے گی۔

ادائیگی کا طریقہ

● لائسنس حاصل کرنے والے کو دو (02) سال کی لائسنس رقم (شمول ابتدائی 25% رقم جمع) کے مساوی رقم کامیاب بولی کے 07 دنوں کے اندر جمع کرانی ہوگی۔

● لائسنس حاصل کرنے والے کو اوپر کی شرح جو پہلے سال کی ہے ہر چوتھے برس کے لیے سالانہ لائسنس فیس کا 10% بڑھا کر مشروط "کورٹ آف ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج-II، ٹنڈو محمد خان" کے نام پے آرڈر/ڈرافٹ بنام "کورٹ آف ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج-II، ٹنڈو محمد خان" سال کے اختتام سے ایک ماہ قبل جمع کرانی ہوگی۔

● دوسرے سال کی لائسنس فیس کی مدت میں موزوں وجوہات پر کمیٹی کے کلی صوابدیدی اختیار پر توسیع کی جاسکتی ہے۔

کھیل کو تب حاصل ہے کہ کسی بھی طرح کی کمی کی وجہ کے لیے کل بڈ کی کارروائی یا کسی شریک (شرکاء) کی جانب سے آکشن کردہ بولی کو منسوخ/مسترد یا شرائط وضوابط میں کوئی ترمیم کردے۔

زرعی اراضی کی تفصیل

سروے نمبر	رقبہ (ایکڑز میں)	سروے نمبر	رقبہ (ایکڑز میں)	سروے نمبر	رقبہ (ایکڑز میں)	سروے نمبر	رقبہ (ایکڑز میں)
159	05-31	361/1	03-35	355/1	04-00	373/3	01-31
160	04-25	361/2	01-35	355/2	03-16	373/4	04-00
231	07-30	361/3	01-31	355/3	03-16	373/5	01-27
232	08-22	361/4	04-00	355/4	04-00	373/6	01-17
233	08-12	361/5	01-31	362/1	03-30	378/1	03-18
234	09-31	361/6	02-00	362/2	03-30	378/2	03-26
356/1	04-00	377/1	05-03	362/3	04-00	378/3	03-18
356/2	04-00	377/2	01-33	362/4	03-16	378/4	04-00
356/3	04-00	344/3	03-33	373/1	03-16	.....	.....
356/4	04-00	344/4	04-00	373/2	02-00	.....	.....
کل						149-13 ایکڑز	

نوٹ:

1-بولی کے حامل تمام شرکاء کو نیلامی کی کارروائی میں شرکت سے قبل دفتر اکاؤنٹنٹ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ٹنڈو محمد خان بیلنس ہونے پر دستیاب تمام طے کردہ شرائط وضوابط کو پڑھنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔

2-بولی کے حامل شرکاء کا اجازت حاصل کرنے کے بعد زرعی اراضی کا وزٹ کرسکتے ہیں۔

3-اس صورت میں کہ سب سے زیادہ بولی دینے والا مقررہ وقت جمع کرانے میں ناکام رہتا ہے تو بالترتیب متوقع بولی دہندگان کو واٹس ایپ کے ذریعے نوٹس دیا جائے گا اور فائنل نوٹس کی تعمیل کے طور پر سمجھا جائیگا۔ میرے دستخط اور عدالت ہذا کی مہر کے ساتھ جاری کیا گیا۔ آج 05 نومبر 2026

دستخط... عبدالرزاق

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج-III، ٹنڈو محمد خان



